بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

*Monday, the 16th February, 1986*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at half past four of the clock in the evening with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

## RECITATION FROM THE HOLY QURAN

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ اِلَيْكُمْ جَمِيْعَا الَّذِيْ
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَيُمِيْتُ
فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ
وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ ﴿١٥٨﴾

ترجمہ:۔ اے نبی اعلان کر دے کہ میں رہتی دنیا تک تم تمام انسانوں کے لئے اللہ کا رسول ہوں جو آسمان و زمین کی ساری سلطنت کا اکیلا حاکم ہے جس کے سوا کوئی ایسی ہستی نہیں جس کے آگے بندگی کا سر جھکانا اور التجا کے ہاتھ پھیلانا درست ہو' وہی زندگی عطا کرتا ہے اور وہی موت کی نیند سلا دیتا ہے۔ اس لئے اپنی زندگی پر صرف اللہ کی حاکمیت مانو اور دنیا کے سفر میں اس کے رسول کے نقش قدم کو چراغ راہ بناؤ' جو تمہیں دنیا میں عالم غیب کی خبریں دیتا ہے۔ نہ وہ اہل کتاب میں سے ہے نہ اس نے کسی انسان سے علم حاصل کیا وہ براہ راست اللہ کا شاگرد ہے۔ وہ خود اپنا لاشریک حاکم و مالک صرف اللہ کو مانتا ہے اور اس کے احکام کو صحیح راہ عمل تسلیم کرتا ہے۔ تم بھی اسی کی پیروی کرو۔ یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر تم دنیا میں عزت و کامیابی اور آخرت میں رحمت الٰہی کی منزل پر پہنچ سکتے ہو۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

---

*Monday, the 16th February, 1986*

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall, (State Bank Building), Islamabad, at half past four of the clock in the evening with Mr. Chairman (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair.

---

## RECITATION FROM THE HOLY QURAN

قُلْ يَـٰٓأَيُّهَا ٱلنَّاسُ إِنِّى رَسُولُ ٱللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا ٱلَّذِى
لَهُۥ مُلْكُ ٱلسَّمَـٰوَٰتِ وَٱلْأَرْضِ ۖ لَآ إِلَـٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْىِۦ وَيُمِيتُ ۖ
فَـَٔامِنُوا۟ بِٱللَّهِ وَرَسُولِهِ ٱلنَّبِىِّ ٱلْأُمِّىِّ ٱلَّذِى يُؤْمِنُ بِٱللَّهِ
وَكَلِمَـٰتِهِۦ وَٱتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥٨﴾

ترجمہ:۔ اے نبیؐ اعلان کر دے کہ میں رہتی دنیا تک تم تمام انسانوں کے لئے اللہ کا رسول ہوں جو آسمان و زمین کی ساری سلطنت کا اکیلا حاکم ہے جس کے سوا کوئی ایسی ہستی نہیں جس کے آگے بندگی کا سر جھکانا اور التجا کے ہاتھ پھیلانا درست ہو' وہی زندگی عطا کرتا ہے اور وہی موت کی نیند سلا دیتا ہے۔ اس لئے اپنی زندگی پر صرف اللہ کی حاکمیت مانو اور دنیا کے سفر میں اس کے رسول کے نقش قدم کو چراغ راہ بناؤ' جو تمہیں دنیا میں عالم غیب کی خبریں دیتا ہے۔ نہ وہ اہل کتاب میں سے ہے نہ اس نے کسی انسان سے علم حاصل کیا وہ براہ راست اللہ کا شاگرد ہے۔ وہ خود اپنا لاشریک حاکم و مالک صرف اللہ کو مانتا ہے اور اس کے احکام کو صحیح راہ عمل تسلیم کرتا ہے۔ تم بھی اسی کی پیروی کرو۔ یہی وہ راستہ ہے جس پر چل کر تم دنیا میں عزت و کامیابی اور آخرت میں رحمت الٰہی کی منزل پر پہنچ سکتے ہو۔

## QUESTIONS AND ANSWERS

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم ۔ سوالات۔

116. *Transferred to the Finance Division for answering on the 19th February, 1986.*

117. *Transferred to the Cabinet Division for answering on the 19th February, 1986.*

مولانا کوثر نیازی: پوائنٹ آف آرڈر سر۔ کیا ۱۱۶ اور ۱۱۷ میں کوئی میرا سوال ہے جو ٹرانسفر ہوا ہے کسی اور دن کے لئے ؟

جناب چیئرمین: یہ تو Separately آپ کو بتا سکیں گے۔

مولانا کوثر نیازی: اُس دن یہ آج کے لئے ڈیفر ہوا تھا۔ پھر آج ۱۹ کے لئے چلا گیا ہے۔

جناب چیئرمین: فنانس ڈویژن کا rota day تھا اسکے لئے defer ہوا تھا۔

مولانا کوثر نیازی: جناب یہ شعبہ کابینہ کا تھا۔

جناب چیئرمین: وہ بھی شاید وہی جواب دے رہے ہیں۔ وہ جو فنانس ڈویژن کا روٹا ڈے ہے یا کابینہ ڈویژن کے انچارج وزیر ہیں ان کا جو روٹا ڈے ہے اس پر آئیگا۔
اگلا سوال نمبر ۱۱۸۔ جناب جاوید جبار صاحب۔

## BENEFIT OF INDEXATION TO THE RETD EMPLOYEES OF PIA.

118. ***Mr. Javed Jabbar :** Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state :

(a) whether the retired employees of PIA will be given benefit of index-linked pensions as per the Finance Minister's announcement made in the budget for 1985-86; and

(b) if so, when will the above decision be implemented ?

**Sahabzada Yaqub Khan :** (a) & (b) It is under consideration.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟ نہیں ہے۔ اگلا سوال نمبر ۱۱۹۔
جناب عبدالرحیم میرداد خیل: سوال نمبر ۱۱۹۔
جناب چیئرمین: ملک نور حیات نون صاحب۔

or anybody on his behalf

میرے خیال میں اس دن ہم نے بڑی تفصیل سے بحث کی تھی کہ وزیر صاحبان کو تمام بحث میں موجود ہونا چاہئے اور خصوصاً وقفہ سوالات' ایڈجرنمنٹ موشنز اور پریولج موشنز کے دوران۔ وزیر صاحب کی اطلاع بھی نہیں ہے کہ تشریف لا رہے ہیں یا نہیں۔ تو اس کو ڈیفر کر لیتے ہیں۔ اور ان کے اگلے روٹا ڈے پہ آئے گا۔
اگلا سوال نمبر ۱۲۰۔ مولانا کوثر نیازی صاحب۔

## THE NUMBER OF OFFICERS IN PIA WHO HAVE COMPLETED 25 YEARS SERVICE AND HAVE ATTAINED THE AGE OF 55 YEARS

120. ***Maulana Kausar Niazi :** Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state :

(a) the number of officers employed in the P.I.A. who have put in more than 25 years service; and

(b) the number of the said officers who are above the age of 55 years ?

**Sahabzada Yaqub Khan :** (a) 1,097.

(b) 286.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟
مولانا کوثر نیازی: کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ P.I.A. میں ملازمت کی مدت اور ریٹائرمنٹ کی Age limit کیا ہے؟

**Mr. Zain Noorani :** Sir, on completion of 25 years of service, in the PIA, which is a corporation, an officer is reviewed for retention or otherwise. The criteria for retention of an employee in service is usefulness to the organization.

مولانا کوثر نیازی: کیا یہ حقیقت نہیں ہے کہ اتنی بھاری تعداد میں over-aged ہونے کے باوجود اور ملازمت کی ٹوٹل مدت پوری ہونے کے باوجود افسروں کو retain کرنے کی وجہ سے بہت سے باصلاحیت لوگ جو ہیں ان کی ترقی پی آئی اے میں رکی ہوئی ہے۔

**Mr. Zain Noorani :** Sir, part of it is not correct. As far as the second part is concernd, there are reasons for it. Retirement age is not there because these are technical services. Normal service is 25 years. When a person is about to reach a saturation point, then his performance, his necessity and his requirement for the organization are taken into consideration. PIA is not one of the Government offices where anybody can fill anybody's place. Here are technical jobs and running an airline even if it is not technical in the sense of dealing with machines, technical administrative requirement is also necessary to run the airlines.

جناب چیئرمین: جناب کوثر نیازی صاحب، کوئی اور سوال ہے آپ کا؟

مولانا کوثر نیازی: جناب سوال کیا کریں۔ جواب اتنا حتمی مل جاتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ اتنی بھاری تعداد میں جو افسر اس وقت retain کئے ہوئے ہیں کیا پی آئی اے اس امر کیلئے تیار ہے کہ یہ جائزہ لے کہ ان میں غیر ضروری طور پر کتنے لوگ ہیں جنہیں رکھا گیا ہے تاکہ ان کی جگہ پر صحیح replacement ہو سکے۔

جناب چیئرمین: جناب زین نورانی صاحب۔

**Mr. Zain Noorani :** Sir, every year review does take place. In the year, 1981, 604 cases were reviewed, 149 were recommended for retirement. In 82-83, 131 cases were reviewed, 39 were recommended for retirement. In 83, 278 were reviewed, 58 were recommended for retirement. In 84, 195 cases were reviewed, 31 were recommended for retirement.

**Mr. Chairman :** So, this is a continuing process.

**Mr. Zain Noorani :** It is a continuing process.

**Mr. Chairman :** Next question No. 121. Qazi Abdul Latif.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: سوال نمبر ۱۲۱ انکے behalf پر۔

## FILLING IN SEATS ALLOCATED TO NON-MUSLIM QADIANIS BY OTHER NON-MUSLIM WOMEN IN THE NATIONAL ASSEMBLY AND PROVINCIAL ASSEMBLIES

121. ***Qazi Abdul Latif** (Put by Mr. Abdul Rahim Mirdad Khel): Will the Minister for Justice and Parliamentary Affairs be pleased to state :

(a) whether it is a fact that there is a proposal under consideration of Government to fill in the seats allocated to non-Muslim Qadianis as minority seats with the other non-Muslim Women in the National Assembly and Provincial Assemblies by amending the election rules ; and

(b) whether it is also a fact that a non-Muslim Christian Women has been got elected to one such seat in the Provincial Assembly of the Punjab ?

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** (a) no such proposal is under consideration of the Government.

(b) Yes. It is a fact.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال؟ قاضی حسین احمد صاحب

جناب قاضی حسین احمد: یہ جو دوسرے نمبر پر انہوں نے کہا کہ yes, it is a fact تو اگر پرپوزل ہی نہیں ہے قادیانیوں کی بجائے کسی اور کو سیٹ دینے کی تو یہ کس طریقے سے منتخب ہو گئیں۔ یہ کرسچین کس طرح قادیانیوں کی نشست پر منتخب ہو گئیں؟

**Mr. Iqbal Ahmed Khan :** Sir, the question is that whether it is also a fact that a non-Muslim Christian Woman has been got elected to one such seat in the Provincial Assembly of the Punjab. Sir, in this connection I would respectfully submit that under Article 5, clause 3(a) of the Houses of Parliament and National Assembly's Election Order, 1977 one seat was reserved in the National Assembly for persons belonging to the Qadiani Group or the Lahori Group who call themselves Ahmedies. Similarly, under Article 6, clause 3 of the Order, one seat each in the Provincial Assembly of Punjab, Provincial Assembly of Sind and Provincial Assembly of N.W.F.P., was reserved

[Mr. Iqbal Ahmad Khan].

for Qadiani Community. During the last general elections, no candidate belonging to this community, filed nomination papers in any Assembly, as a result, these seats remained unfilled in all the four Assemblies. In order to give due representation to the non-Muslims in Assemblies, the law was amended through the President's Order No. 16, dated 6th March, 1985 to provide that where a non-Muslim seat reserved in the National Assembly and Provincial Assemblies for any minority communities remains unfilled, such seat shall be filled by a non-Muslim woman. The amended law enabled the non-Muslim women to contest for unfilled seats allocated to Qadiani community in those legislatures. So, in this manners the seat was filled in the Punjab Assembly also Sir.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ کوئی اور ضمنی سوال؟ نہیں ہے۔ اگلا سوال نمبر ۱۲۲ مولانا کوثر نیازی۔

CONSTRUCTION OF AIRPORT NEAR PASRUR

122. ***Maulana Kausar Niazi:** Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state :

(a) whether it is a fact that an airport was constructed near Pasrur during the British rule, which still exist there; and

(b) whether the Government will consider the use of this airport at the time of starting feeding service of P.I.A. to Sialkot ?

**Sahabzada Yaqub Khan** (Answered by Mr. Zain Noorani): (a) Yes. A landing ground was constructed by the British Government before World War-II.

(b) The feasibility of setting up of an airport at Sialkot is being considered. Pasrur is 20 miles from Sialkot, it is, therefor not considered suitable as an airport for Sialkot.

جناب چیئرمین: ضمنی سوال۔ جناب کوثر نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: کیا وزیر صاحب بتائیں گے کہ اسلام آباد کے لئے ایرپورٹ فتح جنگ میں بنانے کی تجویز پر غور ہو سکتا ہے تو سیالکوٹ کے لئے پسرور کے ہوائی اڈے کو استعمال کرنے کی

تجویز پر کیوں غور نہیں کیا جا سکتا؟

**Mr. Zain Noorani:** Sir, if the honourable Senator is very keen to have it at Pasrur, I assure him, I shall recommend to take that into consideration.

جناب چیئرمین: اگلا سوال۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ایک ضمنی سوال ہے۔

جناب چیئرمین: اسی پر؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: جی ہاں

جناب چیئرمین: اچھا جی۔ فرمائیے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیا وزیر محترم یہ بیان فرمائیں گے کہ کوئٹہ سے زاہدان تک پی آئی اے کی پرواز کیوں بند کی گئی؟

**Mr. Zain Noorani :** Sir, instead of my answering this supplementary, I leave it to you.

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیا فرمایا انہوں نے؟

جناب چیئرمین: فرماتے ہیں کہ کوئٹہ سے زاہدان تک، مجھ پر چھوڑا ہے کیوں بند کی گئی ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: یہ اپنی ذمہ داری آپ پر کیوں ڈالتے ہیں۔

(مداخلت)

جناب زین نورانی: میں تو ان پر یہ ذمہ داری ڈال رہا ہوں کہ آیا یہ سوال ضمنی طور سے اس سوال سے اٹھتا ہے یا نہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: یہ چونکہ اڈا ہے اس لئے اڈے پر پروازیں ہی جاتی ہیں۔ کبوتر تو وہاں نہیں اڑتے۔ اگر یہ کوؤں کے لئے ہوائی اڈے بناتے ہیں پھر تو یہ ٹھیک ہے۔

جناب چیئرمین: سوال تھا سیالکوٹ اور پسرور کے متعلق تو فرماتے ہیں کوئٹہ اور زاہدان سے متعلق پرواز کا سوال اس سے نہیں اٹھتا۔

جناب میر عبدالرحیم میرداد خیل: میں نے مجموعی طور پر پوچھا ہے۔ ان کو تو معلومات ہونی چاہئیں۔

جناب چیئرمین: وہ وزیر ہیں فارن آفیئرز کے۔ پی آئی اے کے نہیں ہیں۔

جناب زین نورانی: اگر مجھے معلوم بھی ہو تب بھی میں اس طرح کے سپلیمنٹری کا جواب

میں نہیں دے سکتا۔

جناب چیرمین: مشکل ہوتا ہے۔ اگلا سوال جناب اسحاق بلوچ صاحب

## NUMBER OF EMPLOYEES FROM BPS 16 TO 18 BELONGING TO BALUCHISTAN IN THE CIVIL AVIATION AUTHORITY

123. ***Mr. Muhammad Ishaq Baluch** (put by Mr. Abdul Rahim Mirdad Khel): Will the Minister Incharge of the Aviation Division be pleased to state:

(a) the number of employees from B.P.S. 16 to 18 belonging to Baluchistan in the Civil Aviation Authority;

(b) names of the said employees with their father's names and complete addresses; and

(c) whether there is any proposal under the consideration of Government for extension of the present runway of Gwader Airport during the current financial year ?

**Sahabzada Yaqub Khan :** (a) 11 employees of Baluchistan domicile from BPS-16 to 18 are employed in Civil Aviation Authority.

(b) Names of the employees, their father's names and complete addresses are as under :—

| | Name and Father's Name | Designation | B.P.S | Address. |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 2 | 3 | | 4 |
| 1. | Mr. Farruk-uz Zaman, S/o Mr. Abdul Hakim. | Corporate Manager (Accounts) | 18 | H/No. 5-11/73 (5) Patil Road, Quetta. |
| 2. | Mr. Nadim Iqbal Khan, S/o Mr. Ishaq Khan. | ATCO | 17 | H/No. 8-22/135, Mikini Radiate Road, Quetta. |
| 3. | Mr. Aslam Qureshi, S/o Mr. Sibt-e-Hassan Qureshi. | ATCO | 17 | H/No. 3-9/41, Tahir Khan Road, Quetta. |

| 1 | 2 | 3 | 4 | |
|---|---|---|---|---|
| 4. | Mr. Rehan Khan, S/o Mr. Moin-un-din Khan. | ATCO | 17 | 87-Shah Zaman Khan Road, Quetta. |
| 5. | Mr. Mohammad Sohail Khan. | ATCO | 17 | Village Asiabi, Sub Teh. Nal, Distt. Khuzdar, Baluchistan |
| 6. | Mr. Ahmed Saeed Qazi, S/o Qazi Ghulam Sarwar. | Electrical Engineer. | 17 | H/No. 854, Hussain Gul Bahar, Peshawar City. |
| 7. | Mr. Maqbool A Qazi, S/o Qazi Mohammad Qahib Khan. | Electrical Engineer. | 17 | H/No. 322-C, Tufail Road, Quetta. |
| 8. | Mr. Zafar Ahmed, S/o Mr. Asa-ullah Khan. | Dy. Manager (Statistic) | 17 | H/No. 2-38/28, Hari Krishan Road, Quetta. |
| 9. | Mr. Tariq Bari, S/o Mr. Abdul Bari Qureshi. | Dy. Manager (Accounts) | 17 | H/No. 3-1/26, Yat Road, Quetta. |
| 10. | Mr. Mohammad Khan, S/o Mr. Sher Mohammad. | Asstt. Fire Officer. | 16 | H/No. 7/22-91, Mohallah Michari, Alamgeer Road, Quetta. |
| 11. | Mr. H.A. Akram, S/o Mian Aziz Mohammad. | Asstt. Communication Officer. | 16 | H/No. 4-4/5, Abdul Sattar Road, Pishin. |

(c) No.

**Mr. Zain Noorani :** Sir, before I answer, I would like once again most respectfully protest.

**Mr. Chairman :** I think, the answer can be taken as read.

**Mr. Zain Noorani :** No Sir, before it is taken as read, even before I begin answering it I would like to protest once again most respectfully, how does part 'c' of it form a part of this question ? When

[Mr. Zain Noorani].
this happened last week, I brought it to your notice and I was given an assurance that it would not happen again.

**Mr. Chairman** : You are correct. It could be a separate question, but we can assume that it is a separate question.

**Mr. Zain Noorani** : No Sir, assuming is depriving the Members of certain rights. Every Member has a quota of certain number of questions to be asked per day. Now, when a person mixes two or three questions into one question, there is a likelihood of that being infringed. Sir, any way this can be considered as read Sir.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: کیا محترم وزیر صاحب یہ بیان فرمائیں گے کہ ان گیارہ افسران کے علاوہ کچھ اور بھی ہو سکتے ہیں۔ کوئی گنجائش ہے ؟

جناب چیئرمین: کیا چیز۔ یعنی کیا گنجائش ہو سکتی ہے ؟

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: ترقی کرنے میں۔

جناب زین نورانی: انشاء اللہ تعالیٰ

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: یہ انشاء اللہ تعالیٰ کب تک ؟

جناب چیئرمین: جب خدا کو منظور ہو گا۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: اس میں آپ کی بھی تو کچھ نہ کچھ منظوری شامل ہو گی۔

جناب زین نورانی: اگر اللہ کی مرضی ہو گی تو ہم کوشش کریں گے۔

جناب چیئرمین: اگلا سوال نمبر ۷۹ ، جناب جاوید جبار صاحب

ایک معزز رکن: سوال نمبر ۷۹ ان کے behalf پر۔

## NUMBER OF JUDGES IN THE SUPREME COURT AND THE HIGH COURTS AND THE NUMBER OF CASES PENDING

79. ***Mr. Javed Jabbar** (Put by an honourable Member): Will the Minister for Justice and Parliamentary Affairs be pleased to state :

(a) the present number of judges in the Supreme Court and the High Court; and

(b) the total number of cases pending in the Supreme Court and each of the High Courts ?

**Mr. Iqbal Ahmad Khan :** (a) As per statement attached.

(b) Information is being collect.

## STATEMENT

**Supreme Court of Pakistan**

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Justice Muhammad Haleem .. | Chief Justice |
| 2. | Mr. Justice Aslam Riaz Hussain | |
| 3. | Mr. Justice Mohammad Afzal Zullah. | |
| 4. | Mr. Justice Dr. Nasim Hasan Shah. | |
| 5. | Mr. Justice Abdul Kadir Shaikh. | |
| 6. | Mr. Justice Shafiur Rahman. | |
| 7. | Mr. Justice Saiyed Ali Nusrat. | |
| 8. | Mr. Justice Zafar Hussain Mirza. | |
| 9. | Mr. Justice Mian Burhanuddin. | |
| 10 | Mr. Justice Pir Muhammad Karam Shah. | *Ad hoc* Member. |
| 11. | Mr. Justice Maulana Mohammad Taqi Usmani. | |

**Lahore High Court**

| | | |
|---|---|---|
| 1. | Mr. Justice Dr. Javid Iqbal .. | .. Chief Justice. |
| 2. | Mr. Justice Saood Jan. | |
| 3. | Mr. Justice Ghulam Mujaddid Mirza. | |
| 4. | Mr. Justice Mazharul Haq. | |
| 5. | Mr. Justice Gul Mohammad Khan | .. (He is acting Chief Justice, Federal Shariat Court). |
| 6. | Mr. Justice Shakurul Salam. | |
| 7. | Mr. Justice Mohammad Rafiq Tarar. | |
| 8. | Mr. Justice Rustam S. Sidhwa. | |
| 9. | Mr. Justice Mohammad Afzal Lone. | |
| 10 | Mr. Justice Mohammad Ilyas. | |
| 11. | Mr. Justice Mian Mahbood Ahmad. | |
| 12. | Mr. Justice Mohammad Zafarullah. | |

13. Mr. Justice C.A. Rahman.
14. Mr. Justice Abaidullah Khan.
15. Mr. Justice Manzoor Hussain Sial.
16. Mr. Justice Muhammad Munir Khan.
17. Mr. Justice Sardar Mohammad Dogar.
18. Mr. Justice Khalil-ur-Rahman.
19. Mr. Justice Irshad Hassan Khan ..(He is now Secretary, Ministry of Justice and Parliamentary Affairs).
20. Mr. Justice Muhammad Aslam Mian.
21. Mr. Justice Malik Lehrasap Khan.
22. Mr. Justice Ch. Muhammad Sharif.
23. Mr. Justice Fazl-e-Mahmood.
24. Mr. Justice Shaikh Khizar Hayat.
25. Mr. Justice Shaikh Abdul Waheed.
26. Mr. Justice Malik Akhtar Hassan.
27. Mr. Justice Shaikh Ijaz Nisar.
28. Mr. Justice Mian Qurban Sadiq Ikram.
29. Mr. Justice Ch. Amjad Khan.
30. Mr. Justice Zia Mahmood Mirza.
31. Mr. Justice Gul Zarin Kiani.
32. Mr. Justice Shaikh Riaz Ahmad.

**High Court of Sind**

1. Mr. Justice Naimuddin .. .. Chief Justice.
2. Mr. Justice Zahoorul Haq.
3. Mr. Justice Sajjad Ali Shah.
4. Mr. Justice Saeeduzzman Siddiqi.
5. Mr. Justice Nasir Aslam Zahid.
6. Mr. Justice K.A. Ghani.
7. Mr. Justice Saleem Akhtar.
8. Mr. Justice Abdul Qadeer Chaudhry.
9. Mr. Justice Dr. Tanzulur Rehman.
10. Mr. Justice Munawar Ali Mughal.
11. Mr. Justice Ibadat Yar Khan.
12. Mr. Justice Syed Ally Dadad Shah.
13. Mr. Justice Abdul Razzak A. Thaem.
14. Mr. Justice Syed Haider Ali Pirzada.

15. Mr. Justice Ahmed Ali U. Qureshi.
16. Mr. Justice Syed Abdur Rahman Shah.
17. Mr. Justice Mamoon Kazi.

**Peshawar High Court**

1. Mr. Justice S. Usman Ali Shah .. Chief Justice.
2. Mr. Justice Ali Hussain Qazilbash.
3. Mr. Justice Sardar Fakhr-e-Alam .. (He is now Judge of the Federal Shariat Court).
4. Mr. Justice Allah Bakhsh Khan.
5. Mr. Justice Faiz Mohammad Khan.
6. Mr. Justice Inayat Ali Khan.
7. Mr. Justice Fazal Elahi Khan.
8. Mr. Justice Mohammad Ishaq Khan.
9. Mr. Justice Abdul Karim Kundi.

**High Court of Baluchistan**

1. Mr. Justice Ajmal Mian .. Acting Chief Justice.
2. Mr. Justice Nazir Ahmad Bhatti.
3. Mr. Justice Munawar Ahmad Mirza.
4. Mr. Justice Mir Hazar Khan Khoso.

جناب چیئرمین: کوئی ضمنی سوال؟ نہیں ہے۔ اللہ کے فضل سے سوالات ختم ہوئے۔

## LEAVE OF ABSENCE

جناب چیئرمین: جناب شیخ محمد اسلام صاحب اہم کام کی بنا پر لاہور تشریف لے گئے ہیں اس لئے انہوں نے ایوان سے ۱۲ فروری تا اختتام حالیہ اجلاس رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: جناب عبدالرحمان جمالی صاحب نے چند ذاتی مصروفیات کی بنا پر ایوان سے ۱۶ تا ۲۲ فروری ۸۶ء رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: پیر شجاعت حسین قریشی صاحب اپنے والد کی برسی میں شرکت کرنے کے لئے تشریف لے گئے ہیں۔ اس لئے انہوں نے ایوان سے ۱۲ تا ۱۸ فروری رخصت کی درخواست کی ہے۔ کیا آپ ان کی رخصت منظور فرماتے ہیں؟

(رخصت منظور کی گئی)

جناب چیئرمین: ایک سینیٹر جناب طارق چوہدری نے ٹیلیفون پر اطلاع دی ہے کہ وہ آج اور کل ایوان میں شریک نہیں ہوسکیں گے لیکن رولز کے مطابق، اگر ہم رول ۱۵ (۱) کو دیکھ لیں تو یہ درخواست تحریری آنی چاہیئے جو کہ دستخط شدہ بھی ہونی چاہیئے۔ بہرحال اس کا ہم نوٹس لیتے ہیں اور وہ جب کنفرم کر لیں گے تحریری طور پر تو چھٹی بھی آپ کی اجازت سے منظور ہو جائے گی۔

## ADJOURNMENT MOTIONS

تحاریک التواء، تحریک التواء نمبر ۶۲ جناب محمد طارق چوہدری صاحب کے نام پر تھی لیکن ان کی غیر حاضری کی وجہ سے یہ LAPSE ہو جائے گی۔ نمبر ۶۳ وہ بھی طارق چوہدری صاحب کے نام پر تھی وہ بھی ان کی غیر حاضری میں Lapse ہو جائے گی۔ اگلی ۵۶ قاضی حسین احمد صاحب کی ہے۔ قاضی صاحب آپ اپنی تحریک التواء پڑھیں۔

## ADJ. MOTION *RE*: AMERICA'S REFUSAL TO PROVIDE PROTECTION TO PAKISTAN AGAINST INDIAN AGGRESSION AS REVEALED BY DOCUMENTS IN AMERICAN EMBASSY, TEHRAN

قاضی حسین احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، مورخہ ۸ر فروری کے جنگ لاہور نے شہ سرخی سے یہ انکشاف کیا ہے کہ وہ تہران کے امریکی سفارت خانے کی نہایت اہم اور خفیہ دستاویزات سے یہ بات منظر عام پر آئی ہے کہ امریکہ ۱۹۵۹ کے باہمی معاہدے کے علاوہ پاکستان کو کسی جارحیت خاص طور پر بھارتی جارحیت کے خلاف کوئی تحفظ فراہم کرنے سے انکار کرتا ہے۔

حکومت پاکستان نے اپنی خارجہ پالیسی کے تحت سارے انڈے صرف امریکی باسکٹ میں ڈال کر جس طرح ملک کو امریکہ کے رحم و کرم پر چھوڑ رکھا ہے اس کے پیش نظر یہ انکشاف پوری قوم کیلئے تشویش کا باعث ہے۔ لہٰذا میں تحریک پیش کرتا ہوں کہ معمول کی کارروائی روک کر اس اہم مسئلہ پر بحث کی جائے۔

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ?

**Mr. Zain Noorani :** It is being opposed because it is not an Adjournment Motion. It does not fall within the description of an Adjournment Motion. First of all, it relates to the incidents which are supposed to have taken place in 1962. Then the documents were released in the late 70's by the Iranian, published by them in early 1980. So, it is something which had taken place long time back even in the Pakistani newspaper, quite a few months back extract including if my memory does not fail, this very point was published over here. It is, first of all, not a matter or any particular matter of recent occurrence.

Secondly, it does not relate to any one single incident at all. Thirdly, as far as 'اندازہ' is concerned although I don't deal in them was that it is a matter of opinion or inference which also is not permitted under the rule. So taking into account all the rules qualifying and explaining how an Adjournment Motion and what an Adjournment Motion should be this certainly Sir, does not fall within the purview of an Adjournment Motion. I thank you Sir.

قاضی حسین احمد: جناب والا! میں نے ۸ فروری کے اخبار کا حوالہ دیا ہے اور قوم کے سامنے اور عام لوگوں کے سامنے ۸ فروری کو یہ بات آئی ہے۔ اور اس سے......

جناب چیئرمین: میں آپ کی تقریر میں مداخلت نہیں کرنا چاہتا کہ اسی ایوان میں یہی ڈاکومنٹ جو ایران میں پبلش ہوئے تھے اسی پر ایک دو سوال اور تحاریک التوا یہاں پر بھی پیش ہوئی تھیں تو یہ نہیں ہے کہ ۸ر فروری کو یہ پہلی دفعہ منظر عام پر آیا۔ بہر حال آپ فرمائیں۔

قاضی حسین احمد: جناب چیئرمین! وہ ڈاکومنٹ کئی جلدوں میں ہیں اور ان کو عام آدمی یعنی عام قاری نے پڑھا بھی نہیں ہے اور ان کی مختلف چیزیں مختلف اوقات میں منظر عام پر آجاتی ہیں اس لئے یہ بھی اسی وقت منظر عام پر بات آئی ہے اور جب کہ عوام پہلے ہی امریکی پالیسی کے بارے میں غیر یقینی کی حالت میں ہیں اور پہلے بھی اس ا نے دھوکے دئے ہیں اور اس وقت حکومت پاکستان جس طریقے سے' اس کے ساتھ ایک مضبوط طریقے سے مختلف معاہدات میں ملوث ہو گئی ہے تو اس کی وجہ سے لوگوں کی یہ تشویش اور بھی بڑھی ہے اس لئے اس طرح کی کوئی خبر جب اچانک آجاتی ہے تو اس کے نتیجے میں عموماً ایک تشویش کی لہر دوڑ جاتی ہے اور یہ تشویش کی لہر ہی ہے کہ اچانک جب قوم کی تشویش بڑھ جاتی ہے کسی کے بارے میں' اسی طرح کے موضوعات یہاں تحریک التوا کے نتیجے میں آتے ہیں اور اسی پر پھر بحث ہوتی ہے تو یہ ایک ٹھیک موقع ہے میرا خیال ہے کہ ایوان میں اس چیز پر بحث ہو جائے کہ کیا سیکورٹیز کا انتظام حکومت پاکستان نے کچھ کر رکھا ہے یا نہیں اگر بھارت کی طرف سے حملہ ہو' اور یہ بھی عام

[Qazi Hussain Ahmed].

لوگوں کو تشویش ہے کہ روس خود حملہ نہیں کرے گا لیکن ہو سکتا ہے کہ وہ بھارت کو اس بات پر مائل کر دے کہ وہ پاکستان کے اوپر حملہ آور ہو جائے تو ایسی صورت میں اگر ہمیں یہ surety ملتی ہے کہ نہیں ویسٹرن بارڈر پر ہم سیکورٹی دیتے ہیں لیکن مشرقی بارڈر زپر کسی کے ہم ذمہ دار نہیں ہیں تو اس کا مطلب یہ ہے کہ اگر وہی دشمن مشرق کی طرف سے ہمارے اوپر کسی اور کو حملہ آور کرا دے اپنی امداد سے تو وہ پھر امریکہ اس سے دستبردار ہو رہا ہے تو اس لئے یہ ایک باعث تشویش امر ہے ساری قوم کیلئے اور میں سمجھتا ہوں کہ یہ ایک مناسب موضوع ہے جس کے اوپر تحریک التوا کی صورت میں ایوان میں بحث کی جا سکتی ہے۔

**Mr. Zain Noorani :** I repeat what I said. This is not a matter of recent occurrence. This has been published a number of times in the Pakistani Press itself. It has been discussed in this House also and further more for the informatin of the honourable Senator the mere fact that something comes to his knowledge on a particular date, does not in anyway make it the matter of recent occurrence. These are the rulings all over the world by all the respected Chairmen and Speakers of the Houses.

Thirdly; also for his information, it does not go beyond two volumes. These documents which have been released by Iran relate to only two volumes as far as Pakistan is concerned but that is irrelevant for the sake of admissibility. Whatever he has said and nothing he has said which makes this question admissible.

**Mr. Chairman :** I agree with the honourable Minister that it is not a matter of recent occurrence. Besides it is an issue relating to foreign policy which was bedated in the Joint Session at a very great length only a couple of months or perhaps less than that. So on both these counts it is ruled out of order.

Next, Qazi Hussain Ahmed. No. 68.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* :STOPPAGE OF EXPLORATION OF OIL UNDER THE SEA.

قاضی حسین احمد: میں درج ذیل اہم فوری مسئلہ پر تحریک التوا پیش کرتا ہوں ' روزنامہ جنگ لاہور ۱۰ فروری میں خبر شائع ہوئی ہے کہ زیر سمندر تیل کی تلاش کا کام بند کر دیا گیا ہے اور کھدائی کرنے والا جہاز ۴ فروری کو پاکستان سے واپس روانہ ہو گیا ہے۔ زیر سمندر

تیل کی تلاش روک لینے کی اس خبر نے پاکستانی قوم میں اضطراب پیدا کر دیا ہے۔ لہٰذا اس اہم مسئلہ پر ایوان میں بحث کی جائے۔

جناب محمد حنیف طیب: جناب والا! میں اس تحریک التوا کی مخالفت کرتا ہوں۔ صحیح صورت حال اگر آپ اجازت دیں تو پیش کرنا چاہتا ہوں۔ کنیڈا کی حکومت نے تیس ملین ڈالر قرض دیا تھا جو کہ بغیر سود کے تھا اور اسی بنیاد پر پیٹرو کنیڈا انٹرنیشنل اسسٹنٹس کارپوریشن اور او جی ڈی سی کے تعاون سے یہ کام شروع کیا گیا تھا۔ اس میں تین کنویں کھودے گئے تھے۔ پہلے اور دوسرے میں کوئی خاطر خواہ مفید صورت حال نظر نہیں آئی۔ پہلے کنویں میں عشاریہ صفر چھیاسی ملین کیوبک فٹ گیس فی یوم، دوسرے میں عشاریہ سینتالیس ملین کیوبک فٹ گیس فی یوم اور تیسرے میں خاطر خواہ گیس یعنی تین عشاریہ سات ملین کیوبک فٹ گیس فی یوم بر آمد ہوئی۔ اس سے یہ اندازہ ہوا off-shore drilling کے result میں مستقبل میں وہاں گیسز کے مواقع اور تیل کے مواقع ہو سکتے ہیں۔ چونکہ اس گیس کی مقدار اتنی زیادہ نہیں تھی لہٰذا اس کو وہاں سے لانے کی فی الحال کوشش جو ہے وہ viable اور feasible نہیں تھی۔ اس لئے اس کو plug کر دیا گیا ہے تاکہ مستقبل میں اگر اور ڈرلنگ کی جائے اور اس سے اچھے نتائج بر آمد ہونے کی توقع ہو تو اس کو in line لایا جا سکے۔ اس سلسلے میں کنیڈا کے ہی تعاون سے پیٹرو کنیڈا کا جو جہاز ہے بر نیر وہ مارچ اور مئی ۱۹۸۶ کے درمیان پھر کنڈکٹ کرے گی seismic survey اور explorations کی کوشش کی جائے گی تاکہ ایسی گیس اور اتنی گیس نکلے کہ جو viable ہو اور اس کو پھر continue کر کے لایا جا سکے اس لئے یہ خیال غلط ہے کہ یہ ارادہ مکمل طور پر ترک کر دیا گیا ہے۔ جہاں تک جہاز کے واپس جانے کا تعلق ہے اگر ہمارے نتائج بر آمد ہو جانے کے بعد جہاز کو مزید اگر ایک دن بھی روکا جاتا ہے تو ساٹھ ہزار کینیڈین ڈالر روزانہ کا خرچ بڑھ جاتا ہے اس لئے اب یہ طے پایا ہے کہ مارچ اور مئی کے درمیان جوان کا بڑا جہاز ہے وہ آئے گا اور اس کے بعد پھر اس سلسلے میں کوشش کی جائے گی۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس وضاحت کے بعد فاضل رکن مطمئن ہو جائیں گے۔

جناب چیئرمین: اس وضاحت کے بعد آپ پریس کریں گے؟

قاضی حسین احمد: نہیں جناب۔ میں تو جناب پہلے والی پر بھی اصرار نہ کرتا اگر آپ رول آؤٹ نہ کرتے اور پوچھ لیتے۔

جناب چیئرمین: لیکن آپ چونکہ کچھ وضاحت نہیں کرتے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پھر میری ذمہ داری ہو جاتی ہے کہ اس پر رولنگ دی جائے.........

**Mr. Chairman:** Next one No. 74· Prof. Khurshid Ahmad Sahib. This is on the fall of production of sugarcane in the country.

## ADJOURNMENT MOTION *RE* : FALL IN THE PRODUCTION OF SUGARCANE

**Prof. Khurshid Ahmad :** Mr. Chairman, I beg to move :

That the business of the House be adjourned to consider the grave economic situation that is being created because of the fall in the production of sugarcane to the tune of 50% of sugarcane production and the production of refined sugar which has fallen down by 40% during the current year. This has broken the back of the sugarcane producers. Sugar mills are being closed down for lack of raw material and the country has once again become dependent upon 'imported sugar', which is going to further aggravate our adverse balance of payments. These developments pose a great threat to the economic prosperity of the country and the House should be adjourned to discuss the same. This information is being based upon a report published in "Jang" Lahore on 11th February, 1986.

جناب والا! اس وقت چونکہ مسئلہ ایڈمسبلٹی کا ہے میں آپ کی خدمت میں صرف یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جس اخباری خبر پر میں نے یہ قرارداد مبنی کی ہے وہ حالیہ اطلاع ہے۔ گو شوگر کین کے بارے میں مختلف خدشات کا اظہار کافی عرصے سے ہو رہا ہے تھا، لیکن اس رپورٹ میں نسبتاً واضح انداز میں یہ بات سامنے رکھی گئی ہے کہ پیداوار میں آدھی کمی ہو گئی ہے۔ پنجاب کے علاقے میں بھی اور دوسرے مقامات پر بھی شوگر ملز برابر بند ہو رہی ہیں۔ تو یہ صورت حال ایک تشویش ناک اور پریشان کن صورت حال ہے اور چونکہ اس کا تعلق صرف ایک مخصوص علاقے سے نہیں ہے بلکہ شوگر ملز آج سندھ میں، پنجاب میں، سرحد میں تینوں مقامات پر ہیں۔ شوگر growers ، مل اونرز اور شوگر کنزیومرز یہ تینوں اس سے متاثر ہوتے ہیں، اس بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ یہ مسئلہ اتنا اہم ہے کہ اس پر غور کیا جائے۔

جناب چیئرمین: جناب سرتاج عزیز صاحب۔

جناب سرتاج عزیز: جناب چیئرمین! ایڈمسیبلٹی کے بارے میں آپ کی توجہ رول ۱۷

(ڈی) کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں۔ کیونکہ یہ مسئلہ اسمبلی میں بھی پہلے آچکا ہے، اس کے علاوہ اس میں ایک سے زیادہ مسئلے اٹھائے گئے ہیں اور یہ صرف ایک ڈیفینیٹ ایشو کے بارے میں نہیں ہے۔ بہرحال معزز رکن اگر چاہیں تو میں اس کے بارے میں وضاحتی بیان دے سکتا ہوں، لیکن ان قوانین کے مطابق یہ ایڈمسبل نہیں ہے۔

<u>جناب چیئرمین:</u> کچھ وضاحت کریں تو میرے خیال میں بہتر ہو گا۔

<u>جناب سرتاج عزیز</u> پہلی بات تو یہ ہے کہ چینی کی پیداوار جو ہے وہ ۴۰ فیصد نہیں گری۔ اس سال تقریباً پچھلے سال کی نسبت ۲۰ فیصدی کمی کی توقع ہے یا امکان ہے اور اس کی زیادہ تر وجہ یہی تھی کہ اس سال خشک سالی رہی اور بارشیں کم ہوئیں لیکن یہ کہنا کہ اس سے کوئی بحران پیدا ہو رہا ہے یا مشکلات پیدا ہو رہی ہیں اس حد تک کہ یہ ایڈجرنمنٹ موشن کا باعث بنی یہ میرے خیال میں ٹھیک نہیں ہے کیونکہ جہاں تک زرعی پیداوار ہے اس میں موسم کے حالات سے کمی و بیشی ہوتی رہتی ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان کے اثرات کو دور کرنے کے لئے موثر اقدامات کئے گئے ہیں یا نہیں، تو اس سال چینی کی پیداوار میں کمی کی جو توقع ہے اس کے لئے حکومت نے متعدد فیصلے کئے ہیں جن کے تحت نہ صرف چینی درآمد کی جائے گی، حکومت کی طرف سے بلکہ پرائیویٹ سیکٹر میں درآمد کرنے کے لئے امپورٹ ڈیوٹی میں کمی کر دی گئی ہے۔ اس کے علاوہ صورت حال کا بغور مطالعہ کیا جا رہا ہے تاکہ اگر ضرورت ہو تو مزید چینی منگوائی جا سکے۔ اس کے علاوہ میں یہ بھی عرض کروں گا کہ جہاں تک گنے کے کاشتکاروں کا تعلق ہے ان کی آمدنی میں کمی نہیں ہوئی بلکہ بعض علاقوں میں انکو زیادہ قیمتیں ملیں۔ گنے کی کمی کی وجہ سے جو چینی کی پیداوار ہے اس میں اتنی کمی نہیں ہوئی، کم از کم سندھ اور پنجاب میں۔ صوبہ سرحد میں ہوئی ہے کیونکہ وہاں پر زیادہ گنا گڑ کی شکل میں تبدیل کیا گیا ہے لیکن اس کی وجہ سے کاشتکاروں کی آمدنی میں کمی نہیں بلکہ اضافہ ہی ہوا ہے۔ اس لئے یہ صحیح ہے کہ جب بھی کسی اہم فصل کی پیداوار میں کمی ہوتی ہے تو یہ بات باعث تشویش ہوتی ہے۔ لیکن اس سے کوئی بحران پیدا نہیں ہوا۔ انشاء اللہ ملک میں چینی کی جو قیمت ہے اور دستیابی ہے پوری کوشش کی جائے گی کہ وہ ہر طرح سے مہیا رہے اور مناسب قیمت پر ملے اور جو کاشتکار ہیں ان کو شکایت ہے کہ مل والوں نے قیمتیں زیادہ حاصل کی ہیں اور ان کو قیمتیں کم ملی ہیں۔ لیکن مجموعی طور پر کاشتکاروں کی آمدنی میں بھی کوئی زیادہ کمی واقع نہیں ہوئی، جیسے کہ میں نے عرض کیا ہے کہ بعض علاقوں میں ان کو

[Mr. Sartaj Aziz].

زیادہ قیمت وصول ہوئی۔ مجھے امید ہے کہ ان حالات کے پیش نظر اس پر اصرار نہیں کریں گے۔ جہاں تک گنے اور چینی کے سب سیکٹر کی مجموعی طور پر پالیسی کا تعلق ہے اس سلسلے میں میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ ۲۰ فروری کو سینٹ کی ایگریکلچر کمیٹی کی بھی میٹنگ ہو رہی ہے جس میں زرعی پالیسی کے نقطہ نظر سے اس موضوع پر بحث کی جائے گی۔

جناب چیئرمین: جناب پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب چیئرمین! میں وزیر موصوف کا ممنون ہوں کہ انہوں نے اس مسئلے پر اپنے نقطہ نظر کا اظہار کیا۔ میں صرف آپ سے یہ بات عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جن تین پہلوؤں کی طرف میں نے اشارہ کیا تھا وہ تین الگ الگ مسائل نہیں ہیں بلکہ مسئلہ ایک ہی ہے یعنی شوگر کین کی پیداوار کا صحیح نہ ہونا، ضرورت کے مطابق نہ ہونا یا اندازے کے مطابق نہ ہونا۔ وزیر موصوف نے جو باتیں کہی ہیں اس میں میرا خیال یہ ہے کہ گفتگو کی بہت گنجائش ہے خصوصیت سے یہ کہ شوگر کین growers کو زیادہ ملا ہے۔ ہو سکتا ہے کسی خاص علاقے میں ملا ہو تو میں نہیں کہہ سکتا ہوں لیکن بحیثیت مجموعی جو اطلاعات میرے پاس آرہی ہیں اس میں خصوصیت سے سندھ اور پنجاب سے، حقیقت یہ ہے کہ ان کو نہیں ملا، بلکہ اس وقت سارا مطالبہ ہی یہ ہے کہ شوگر کین کی پرائسز کم ہیں اور ان کے بڑھانے کا مطالبہ ہوا ہے۔ اس بنا پر ملوں میں ہڑتال ہوئی ہے، لوگوں نے سندھ کے اندر سپلائی دینی بند کر دی ہے اور ایک غیر معمولی کیفیت اس سے پیدا ہوئی ہے۔ میں یہ بھی کہنا چاہتا ہوں اللہ کا شکر ہے بحرانی کیفیت پیدا نہیں ہوئی لیکن ان کو یاد رکھنا چاہئے کہ ایوب صاحب کی رجیم کو شوگر کی قیمت ہی لے ڈوبی تھی، اسوقت چھ روپے تھی، اب نو روپے، ساڑھے نو روپے ہے۔ اس لئے انکو اتنی سہل انگاری سے اتنا لائٹلی اس مسئلے کو نہیں لینا چاہئے۔ ہم بھی خدا سے دعا کرتے ہیں کہ بحران پیدا نہ ہو، اور ایڈ جرنمنٹ موشن اس لئے لائے ہیں کہ بحران سے پہلے کچھ گفتگو ہو جائے اور راستہ نکل آئے اور اگر ۲۰ فروری کو کمیٹی اس پر غور کر رہی ہے تو اس پر ہمیں ضرور خوشی ہے لیکن حکومت کو چاہئے کہ اس مسئلے کو سنجیدگی کے ساتھ لے۔

جناب چیئرمین: آپ اس پر اصرار کرتے ہیں یا نہیں۔

پروفیسر خورشید احمد: میں نے اس کے اوپر اپنے نقطہ نظر کی وضاحت کر دی ہے اب اصرار............

جناب چیئرمین: اگر آپ اصرار نہیں کرتے تو ٹھیک ہے ورنہ مجھے پھر کچھ کہنا پڑے گا۔

پروفیسر خورشید احمد: جناب والا! میں آپ کو کچھ زیادہ تکلیف دینا نہیں چاہتا۔ لیکن میرا خیال ہے، مسئلہ اتنا اہم ہے حکومت کو اس کا نوٹس لینا چاہئے۔

جناب چیئرمین: میں آپ کو صرف اتنا یاد دلانا چاہتا ہوں کہ اسی ایوان میں حالانکہ نوعیت ذرا مختلف تھی چینی کی قیمتوں پر بحث ہوئی تھی اور سرتاج عزیز صاحب نے تحریک التوا پر پوری ڈیٹیل دی تھی، اور اس میں یہاں تک کہا گیا تھا کہ اس سال گنے کی فصل پانی کی کمی کی وجہ سے کافی اثر انداز ہوئی ہے اور تقریباً ۷ فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ تو کوئی نئی بات نہیں ہے کہ یہ اچانک سامنے آئی ہے اور اس پر پہلے بحث نہیں ہوئی ہے۔

**Mr. Chairman :** And this would also tend to revive discussion on a matter which has already been discussed both in this House as well as in the Assembly.

تو مجھے خوشی ہے کہ آپ اس پر اصرار نہیں کر رہے۔

This brings us to the end of the adjournment motions as well. The next item on the Order of the Day is discussion on the following resolution moved by Maulana Kausar Niazi on the 9th of February, 1986.

This House is of the opinion that the Government Residential Quarters in G-6 Islamabad, which are presently in a dilapidated condition may be sold to their occupant Government Servants on ownership basis.

Maulana Kausar Niazi Sahib.

---

## RESOLUTION *RE:* SELLING OF GOVERNMENT RESIDENTIAL QUARTERS IN G-6 ISLAMABA TO OCCUPANT GOVERNMENT SERVANTS ON OWNERSHIP BASIS

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! مجھے افسوس ہے کہ ایک مرتبہ پھر میں اس ایوان کا قیمتی وقت اسلام آباد کے ایک مقامی مسئلے کے حل کے لئے لے رہا ہوں۔ لیکن اس کا سبب جیسے کہ میں کئی دفعہ کہہ چکا ہوں یہی ہے کہ اسلام آباد کی داد فریاد صرف دو ہی ایوانوں میں ممکن

[Maulana Kausar Niazi].

ہے ایک قومی اسمبلی اور دوسرا سینٹ اور اگر یہ ایوان اس شہر کے مسائل کے لئے پرسان حال نہ ہوں تو پھر اسلام آباد کے لوگ اپنے مسائل کے حل کے لئے خدا کے سوا کسی اور کا دروازہ نہیں کھٹ کھٹا سکتے۔

جناب چیئرمین: ویسے بھی اسلام آباد آپ کی Constituency ہے آپ کو پورا حق پہنچتا ہے کہ سینٹ میں بحث raise کریں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا! مجھے خوشی ہے کہ میں اپنے حلقہ نیابت کی نمائندگی کر رہا ہوں۔ یہ میرا فرض بھی ہے لیکن میں نے خصوصی طور پر آپ کو اس امر کی جانب متوجہ کیا کہ اسلام آباد کی ایک مخصوص صورت حال ہے اور اس لئے بھی اس کی طرف متوجہ کر رہا ہوں کہ شاید یہ ایوان کسی مرحلے پر یہ بھی سفارش کرے کہ اسلام آباد کے لئے کوئی الگ میونسپلٹی یا کوئی الگ کارپوریشن بنے کہ جس میں اس کے مسائل ڈسکس ہو سکیں تاکہ ایوان میں ایک لوکل مسئلہ جو ہے وہ نہ اٹھایا جائے۔

تو اس تمہید کے بعد یہ عرض کروں گا کہ اس وقت میں نے جو ریزولوشن move کیا ہے وہ یہ ہے سیکٹر جی ۶ میں ۳۹۵۶ کوارٹرز ہیں جن میں کم و بیش دس ہزار افراد آباد ہیں اور یہ کوارٹرز بنے ہوئے ۲۱/۲۰ سال کا عرصہ ہو چکا ہے اور اس قدر یہ برے حال میں ہیں کہ ان کی مرمت کے لئے تنہا .C.D.A کو ہر سال ایک کروڑ روپیہ خرچ کرنا پڑتا ہے اور ایک کروڑ روپیہ خرچ کرنے کے باوجود ان کی حالت سدھرنے میں نہیں آتی۔ اس کا سبب یہ ہے کہ .C.D.A نے ایک ساتھ حکومت سے دس کروڑ روپیہ مانگا تھا تاکہ وہ ان کوارٹروں کی مرمت کا کام کر سکے۔ لیکن حکومت نے یہ نہیں دیئے اور قسطوں میں جو ان کوارٹروں کی مرمت ہوتی ہے وہ ان کی ضرورت کو پورا کرنے کیلئے کافی نہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ ہر سال یہ کوارٹر خستہ سے خستہ تر ہوتے جا رہے ہیں۔ ۶/۲/۸۳ کو Daily Muslim نے ایک خبر شائع کی کہ ایک مکان ان جی ۶ کوارٹرز میں سے بہت خستہ حال میں ہے اور وہاں رہنے والا کنبہ بہت مشکلات کا شکار ہے صدر صاحب نے ازراہ کرم اس تراشے پر چیئرمین سی ڈی اے کو رپورٹ کیلئے لکھا۔ چیئرمین سی ڈی اے نے اس پر جو رپورٹ صدر صاحب کو Submit کی، اتفاق سے اس کی فوٹوسٹیٹ کاپی میرے پاس ہے اس کا عنوان ہے۔

A family renderd homeless in G-6/2, Islamabad

اور اس میں چیئرمین سی ڈی اے نے (اس وقت کے چیئرمین نے) یہ رپورٹ لکھی۔

The undersigned has brought to the notice of the President of Pakistan the condition of all these houses in Aabpara area which were constructed in hurry some 20 years ago and need at large scaler repair. It was also proposed that atleast a part of these houses may be sold and new houses be constructed. The new owners will repair the houses. The estimate for the repair of these houses amount to Rs. 8 to 9 crores. This large sum could not be allocated to us. Unless the major repairs are carried out, it is feared that inspite of precautions taken such incidents may occur again.

خود چیئرمین نے یہ لکھا کہ یہ بہت خستہ حال ہیں۔ ۲۰ سال پہلے بنائے گئے تھے اور ہمیں ۸/۹ کروڑ روپے کی رقم درکار ہے جو حکومت ہمیں نہیں دیتی اور اگر ہمیں یہ رقم allocate نہ کی گئی تو یہ صورت خراب سے خراب تر ہوتی چلی جائے گی۔ صدر صاحب نے کیا لکھا اور پھر یہ فائل آگے کن کن وزارتوں کا چکر کاٹتی رہی اور اس کا کیا انجام ہوا، میں اس بحث میں نہیں جانا چاہتا۔ جناب چیئرمین! مختصر یہ ہے کہ اس کا کوئی result بر آمد نہ ہوا اور اب تک یہ فائل unsettled سی ڈی اے کے دفتر میں موجود ہے۔

صورت حال یہ ہے کہ جس یونانی کمپنی نے جس کا نام غالباً M.S. Dexides Associates of Athens تھا اس نے اسلام آباد کا ماسٹر پلان تیار کیا اس نے بھی یہ سفارش کی تھی اور یہ میرے پاس تحریری صورت میں موجود ہے کہ اسلام آباد کی ترقی اسی وقت ہو سکتی ہے جبکہ ان کے الاٹیوں کو مکان فروخت کر کے اس رقم سے آگے مزید مکان بنائے جانے کا سلسلہ جاری رکھا جائے یعنی اگر یہ ۳۹۵۶ کوارٹرز الاٹیوں کو بیچ دیئے جائیں۔ تو اس مد میں سی ڈی اے کو ۹۹۰۰۰، ۳، ۲۶ کروڑ روپے ملتے ہیں اور اس قیمت سے ایک نیا سیکٹر کھولا جا سکتا ہے اگر اس میں صرف گیارہ کروڑ روپے ڈال دیئے جائیں اور یہ رقم وہ ہے جو سی ڈی اے کو مرمت کیلئے درکار ہے گویا ایک پیسہ حکومت کو خرچ نہیں کرنا پڑتا۔ وہ اگر صرف یہ کوارٹرز سرکاری ملازمین الاٹیوں کو فروخت کر دیتی ہے تو وہ اس قیمت فروخت سے ایک نیا سیکٹر اسلام آباد میں کھول سکتی ہے۔ یہ جو میں نے عرض کیا کہ سالانہ ایک کروڑ روپیہ انکی مرمت پر خرچ ہوتا ہے یہ ۸۳-۱۹۸۲ کے figures ہیں۔ ۸۵-۱۹۸۴ میں اس پر ایک کروڑ ۲۰ لاکھ روپے سے زائد رقم خرچ ہوئی ہے اور مینٹیننس سٹاف کی تنخواہیں اس کے علاوہ ہیں۔ اگر وہ

[Maulana Kausar Niazi].

بھی شامل کی جائیں تو پھر یہ رقم کہیں زیادہ بڑھ جاتی ہے۔

جناب چیئرمین! مجھے یہ کہنے کی ضرورت نہیں ہے لیکن رفاعی اور اسلامی حکومت کا فرض اولین ہے کہ وہ اپنے شہریوں کو رہنے کے لئے مکان فراہم کرے، یہ اس کی ذمہ داری ہے اور غالباً سی ڈی اے نے اسی جذبے کے تحت آئی ٹن میں اپنے ملازمین کو نئے کوارٹر فروخت کئے ہیں اور ایک کوارٹر کے بدلے اس نے ۳۸ ہزار روپے وصول کئے یہ بہت خوش آئندہ اقدام تھا ہم اس کی تائید و تحسین کرتے ہیں، لیکن اس سلسلے کو مزید دراز کرنے کی ضرورت ہے۔ حکومت نے اس طرح بعض الاٹیوں کو وزارت دفاع کے ایک سرکولر کے ذریعے ۳۱۴ کوارٹر رسالپور میں ۲ جولائی ۸۰ء کو دیئے۔ حکومت سندھ نے ۱۹۸۴ء میں ۹۹۸ مکان اور ۲۶۶۴ فلیٹ الاٹی ورکرز کو بغیر نفع نقصان کے فروخت کر دیئے ایسا نہیں کہ اس کی کوئی مثال موجود نہیں ہے۔ حکومت سندھ، وزارت دفاع رسالپور میں اور خود سی ڈی اے آئی ٹن میں اپنے ملازمین کو اس طرح کے کوارٹر فروخت کر چکا ہے۔ اس لئے یہ ۳۹۵۶ کوارٹرز جن میں وہ سرکاری ملازم رہتے ہیں جن کے حالات زیادہ اچھے نہیں ہیں کہ وہ اپنے مکان بنا سکیں اور جوان کوارٹروں کے الاٹی ہیں اگر ان کو یہ کوارٹر فروخت کر دیئے جائیں تو میں سمجھتا ہوں کہ دس ہزار افراد کی آباد کاری کا مسئلہ بھی حل ہو جائے گا۔ اسلام آباد میں ایک نیا سیکٹر بھی ان کی قیمت سے کھل جائے گا اور یہ ایسا اقدام ہو گا کہ جس پر عوام کے تمام طبقات سی ڈی اے کو خراج تحسین پیش کریں گے اور اگر ایوان بالا متفقہ طور پر حکومت سے یہ سفارش کرتا ہے جناب چیئرمین تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ اقدام ایسا ہو گا جو عوامی امنگوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں معزز سینٹرز سے اپیل کرتا ہوں کہ وہ اس ریزولیوشن کی متفقہ طور پر تائید کریں تا کہ ۱۰ ہزار افراد کو مکان فراہم کرنے کے اقدام کی حکومت سے پرزور سفارش ہو سکے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جناب میرداد خیل صاحب۔ آپ بول رہے ہیں یا پہلے پروفیسر خورشید صاحب بول رہے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پروفیسر خورشید صاحب پہلے بول لیں۔

جناب چیئرمین: پروفیسر خورشید صاحب۔

پروفیسر خورشید احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں سمجھتا ہوں کہ اس

وقت ایوان کے سامنے بڑا ہی اہم مسئلہ زیر غور ہے۔ مولانا کوثر نیازی صاحب نے اس مخصوص سیکٹر سے جہاں تک ضروری معلومات کا تعلق ہے وہ آپ کے سامنے رکھی ہیں اور حقائق بھی پیش کیئے ہیں اور اس کے علاوہ دوسری مثالیں بھی پیش کی ہیں۔ یہ مسئلہ وہاں کے مکینوں کو جو سرکاری ملازم ہیں ایسی قسطوں پر جس میں بالاخر ان کی ملکیت ان کو مل سکے اگر یہ مکان منتقل کر دیئے جائیں تو دو پہلوؤں سے ایک جو صورت حال ہے وہ بڑی تکلیف دہ ہے اس کا حل نکل آئے گا۔ اور دوسری طرف یہ ملازمین جس غیر یقینی کی حالت میں زندگی گزار رہے ہیں یہ بھی دور ہو سکے گی۔ میں ان کی پوری پوری تائید کرتا ہوں۔ لیکن میں ایک دوسرے پہلو سے آپ کی توجہ اس مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ ایک اسلامی معاشرے میں جو بنیادی حقوق.........

(قطع کلامی)

جناب چیئرمین: سپیکر صاحب کو اگر سنا جائے تو بہتر ہو گا۔

پروفیسر خورشید احمد: بہت بہت شکریہ آپ کا۔ ایک اسلامی معاشرے میں ہر شہری، ہر گھرانے کے جو بنیادی حقوق ہیں ان میں غذا اور لباس کی بنیادی ضرورتوں کے ساتھ ساتھ مکان اور تعلیم کی بنیادی ضروریات کی تکمیل بھی ہے۔ حضورؐ پاک نے فرمایا ہے کہ یہ ہر فرد کا حق ہے کہ اس کے پاس سر چھپانے کے لئے ایک مکان ہو۔ آپ کو معلوم ہے کہ زکوٰۃ وہ شخص لے سکتا ہے خواہ وہ جس گھر میں رہ سکتا ہے وہ اس کا مالک بھی ہو۔ لیکن اگر اس کے پاس دوسرے وسائل نہیں ہیں تو وہ زکوٰۃ لینے کا مستحق بنتا ہے۔ اسلام میں ہر فرد کے لئے، ہر خاندان کے لئے رہنے کی سہولت کو ایک بڑی بنیادی ضرورت تسلیم کیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ دنیا کے کسی معاشرے میں آج تک اس انداز میں اس مسئلے کو نہیں لیا۔ نہ مغرب کے سوشل سیکورٹی سسٹم میں اور نہ اشتراکیت کے ہاؤسنگ پالیسی کے اندر۔ فرد کا یہ حق کہ وہ سر چھپانے کے لئے مکان رکھتا ہو اور وہ اس مکان کا مالک ہو اس شخص کو یہ اطمینان ہو کہ میرے بعد میرے بچوں کو سڑک پر نہیں ڈال دیا جائے گا، اس کے پاس رہنے کے لئے کوئی چیز نہیں اور یہ مسئلہ معاشرے کی ایک روایت رہی ہے۔

لیکن جناب والا! ہمارے ہاں حکومت جس پالیسی پر کار فرما ہے اس میں ہاؤسنگ پالیسی کا مکمل فقدان ہے۔ آج تک کے سارے پلان دیکھ لیجئے جو سیکٹر سب سے زیادہ نظر انداز کیا جاتا

[Pro. Khurshid Ahmad].

رہا ہے وہ ہاؤسنگ کا ہے۔ نہ اس کے لئے واضح پالیسی کبھی بنائی گئی ہے اور نہ اس کے لئے رقوم فراہم کی گئی ہیں۔ میں کہتا ہوں کہ پوری قوم کے لئے، اس قوم کے ہر گھرانے کے لئے ضرورت کے مطابق مکان ہونا چاہئے۔ ایک طرف تو یہ ہے کہ پانچ پانچ ہزار میٹر کے مکان ہیں۔ ہم یہ دیکھ رہے ہیں کہ مسلم معاشروں میں، مسلمانوں کی تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کہ جو رئیس ہوں، جنہیں اللہ تعالیٰ نے وسائل دیئے ہوں وہ بھی مکانات کی تزئین اس طرح کریں کہ ہر گزرنے والے کو اپنی محرومی کا احساس ہو۔ اگر مسلمانوں نے بڑی بڑی حویلیاں بھی بنائی ہیں تو مجھے تاریخ میں کوئی مثال نہیں ملتی جہاں باہر کی زیبائش مکان کو اتنا خوبصورت بنایا گیا ہو کہ اس کے نتیجے کے طور پر باہر والوں کو یہ احساس ہو کہ کیا فرق ہے، کیا تفاوت ہے۔ یہ مسلمانوں کے ہاں کبھی نہیں ہوا۔ اگر بادشاہوں نے محل بنائے ہیں تو انہوں نے اندر بہت سجایا ہے، لیکن باہر سادہ رکھا ہے۔ لیکن آج عالم یہ ہے کہ باہر پوری پوری دیواریں سنگ مرمر کی بنائی جاتی ہیں۔ قیمتی پتھر لگائے جاتے ہیں اور اس طرح لوگوں کے اندر محرومی کا احساس پیدا کیا جاتا ہے۔ یہ وہ چیزیں ہیں جنہیں دونوں مقامات پر امیروں کو بھی روکنا پڑے گا۔ پابندی لگانی پڑے گی کہ اس سے زیادہ بڑا مکان نہ بنایا جائے۔ میں سمجھتا ہوں کہ جب تک اس ملک کے تمام رہنے والوں کو اپنے سر چھپانے کے لئے دو کمرے نہ مل جائیں ہمیں یہ پابندی لگانی پڑے گی اور دوسری طرف ہمیں ایک ایسی پالیسی بنانی پڑے گی کہ شہروں میں بھی اور دیہات میں بھی افراد اپنے مکان بنا سکیں۔

اس پس منظر میں جناب والا! میں کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت کی ذمہ داری اپنے ملازمین کے لئے تو بہت ہی زیادہ ہے۔ میرا دل روتا ہے ان واقعات پر جب لوگ آ کر مجھے بتاتے ہیں کہ انہوں نے بیس بیس، پچیس پچیس، تیس تیس، اور پینتیس پینتیس، سال تک حکومت کی خدمت کی ہے، اپنی جوانیاں گنوادی ہیں اس کام پر، بوڑھے ہو گئے ہیں لیکن جب وہ ریٹائر ہوتے ہیں تو ان کے پاس سر چھپانے کے لئے کوئی جگہ نہیں ہوتی اور انہیں چھ مہینے کے اندر اندر سرکاری مکان خالی کرنا ہوتا ہے۔ پھر وہ مارے مارے پھرتے ہیں کہ کہاں جائیں اور ان کے پاس وہ وسائل بھی نہیں ہوتے کہ وہ آج کے کرایوں پر مکان کرائے پر لے سکیں۔ تو جناب والا! اس مسئلے میں پوری پالیسی پر غور کرنے کی ضرورت ہے اور اس معاملے میں اچھی پیش قدمی کے طور پر ایک بڑا اچھا قدم یہ حکومت اٹھائے گی اگر اسلام آباد کے ان مکانوں کے بارے

میں آسان قسطوں کی بنیاد پر ان کی ملکیت کو منتقل کیا جائے۔ اس طرح ان لوگوں کے پاس ایک ایسا اثاثہ بھی بن سکے گا جن پر یہ اور آنے والی نسلیں گزارہ کر سکیں اور دوسری طرف جس مخمصے میں سی ڈی اے مبتلا ہے وہ بھی حل ہو جائے گا۔ اس کی وجہ سے ان کی زندگیوں کے لئے بھی ایک خوف لاحق ہے۔ ان کی نہ مرمت ہو رہی ہے، نہ اس کی اصلاح کی جا رہی ہے۔ اور نہ آگے کے بارے میں کوئی نیا راستہ، نیا انیشیئٹو لیا جا رہا ہے۔ تو جناب والا! یہ مسئلہ بہت عرصے سے پینڈنگ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سینٹ میں اس چیز کو لایا گیا۔ میں ان دلائل کی بنیاد پر اور جو پس منظر میں نے آپ کی خدمت میں عرض کیا ہے حکومت سے اپیل کروں گا کہ وہ محض لگے بندھے سرکاری رولز کی روشنی میں اس مسئلے کو حل کرنے کی کوشش نہ کرے بلکہ ایک اچھا ہیومن انیشیئٹو لے اور ایک اسلامی انیشیئٹو لے اور ان کی بنیاد پر ایک اچھی مثال یہاں قائم کرے لیکن اس میں رک نہ جائے بلکہ اس کے بعد دیکھا جائے کہ تمام سرکاری ملازم اور بالآخر اس ملک کے ہر شہری کے پاس کم از کم اتنا مکان ہو کہ جہاں وہ عزت سے اپنے ناموس کی حفاظت کر سکے۔ اپنی اولاد کو اپنے گھرانے کو رکھ سکے۔ ان الفاظ کے ساتھ جناب والا! میں اس قرارداد کی تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ باہر کی آرائش اور زیبائش کی مناسبت سے ہماری روایت میں وہ قبر چونا گچ، بھی داخل ہو رہی ہے۔ میرے خیال میں اس کی بھی مدافعت کرنی پڑے گی۔ جناب میرداد خیل صاحب۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں مولانا کوثر نیازی صاحب کی اس قرارداد کو بغیر مخالفت کئے، دل کی گہرائیوں سے تسلیم کرتا ہوں اور میں اس لئے کہ نہ صرف اسلام آباد تک غریب اور محنت کش لوگ رہتے ہیں بلکہ پاکستان کے کونے کونے میں یہی غریب عوام رہتے ہیں میں صرف اتنی ہی تجویز پیش کر سکتا ہوں کہ اسلام آباد کو بھی اسلام کے نام سے جو اسلام آباد رکھا ہے تو اس کی مناسبت سے ان کو پورے حقوق ملنے چاہئیں۔ جس طرح کہ اسلام میں کہا گیا ہے۔ فی الحقیقت اور حکومت وقت کا یہ فرض بنتا ہے کہ ایسے لوگوں کو جو ملازمین ہیں ان کو باقاعدہ سر چھپانے کے لئے مالکانہ حقوق دیئے جائیں اور ملازم کی جائیداد صرف اور صرف چھٹی کا دن ہوتا ہے۔ اس کی یہی جائیداد ہوتی ہے جناب والا! ایک سرمایہ دار کی جائیداد صرف ان تجوریوں سے منسلک ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ

[Mr. Abdur Rahim Mir Dad Khel].

آپ خود دیکھ لیں گے کہ کتنا فرق ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ نہ صرف ان ملازمین کو مالکانہ حقوق دیئے جائیں بلکہ ان کے ساتھ ایسا سلوک بھی کیا جائے کہ ان کی خدمات کے اعتراف کے طور پر ان کو کچھ اور قرضہ دیا جائے، بغیر قرضے کے ...............

(مداخلت)

جناب چیئرمین: آپ نے بغیر قرضے کے ارشاد فرمایا، مطلب ہم سب سمجھ گئے ہیں۔

جناب عبدالرحیم میر داد خیل: مطلب تو آپ سمجھ گئے لیکن عمل کو بھی ذرا دیکھیں ........... تو جناب، سود کا تو میں نے اس لئے ذکر نہیں کیا کہ اس ملک میں شروع سے یہ کہہ رہے ہیں کہ ہم نے دو کھڑکیاں بنک کی کھولی ہیں، ایک بغیر سود کے اور ایک سود کے ساتھ۔ تو ہم چاہتے ہیں کہ یہ بغیر سود والی کھڑکی سے قرضہ لے لیں گے انشاءاللہ لیکن پھر منظوری آپ پہلے والے وزیر خزانہ نہیں ہیں بلکہ وزیر خزانہ دوسرے محترم صاحب ہیں، پورا نام تو میں ابھی ان کا سیکھ رہا ہوں۔ لیکن اس لئے میں کہتا رہا ہوں کہ ان کو بغیر کسی سود کے اور بغیر قیل و قال کے اور بغیر کسی حجت کے قرض دیا جائے۔ بلوچستان میں لیبر کالونی ہے اور اسی طرح سندھ میں بھی لیبر کالونیاں ہیں، میں یہ کہتا ہوں کہ اگر اسلام آباد کو مالکانہ حقوق مل سکتے ہیں تو بلوچستان کے غریب لوگوں کو بھی وہ مالکانہ حقوق دیئے جائیں جس کے وہ مستحق ہیں۔

جناب شاد محمد خان: جناب چیئرمین صاحب، یہ قرارداد بڑی اہم نوعیت کی حامل ہے جیسے اس پر تقریریں ہوئیں۔ تو میں معذرت کے ساتھ مولانا کوثر نیازی سے صرف یہ تجویز کرتا ہوں کہ جس طرح انہوں نے ارشاد فرمایا کہ پاکستان کے دوسرے حصوں میں پی آئی اے کی، انتظامیہ نے یا دوسری انتظامیہ نے بھی اسی نوعیت کے مکانات جو خراب و خستہ حال تھے الاٹ کرنے کی پالیسی پر انہیں مستقلاً دے دیئے لہٰذا اگر اس قرارداد میں یہ الفاظ زائد کئے جائیں تو ان کو کوئی اعتراض نہیں ہو گا کہ پاکستان کے سارے قصبوں میں جہاں جہاں ایسی نوعیت کے مکانات ہوں ان کے مالکانہ حقوق ان قابضین کو دیئے جائیں لہٰذا اس ترمیم کے ساتھ میں درخواست کروں گا کہ یہ ترمیم اگر تسلیم کر لی جائے تو اسلام آباد والوں کو بھی ملیں، کوئٹہ والوں کو بھی ملیں، ریلوے کالونیز میں بھی ملیں، جہاں جہاں قابضین ہیں ان کو میں ایک تو گورنمنٹ کی اس پالیسی سے سب کو مکان مل جائیں گے اور دوسرا یہ ہو گا کہ یہ خراب و خستہ حال مکانات کا قلع قمع

بھی ہو جائے گا۔

جناب چیئرمین: میرے خیال میں آپ کی جو ترمیم ہے اس کو اگر آپ تحریری طور پر ہمیں بھیج دیں تو پھر اس پر غور کر لیں گے۔ جناب سمیع الحق صاحب۔

مولانا سمیع الحق: جناب چیئرمین! میں جناب مولانا کوثر نیازی صاحب کی اس قرارداد کی مکمل تائید کرتا ہوں کیونکہ کہ اسلام آباد میں خاص طور پر رہائش کا مسئلہ بڑا پیچیدہ ہے۔ ہمارے پاس جتنے لوگ آتے ہیں اور دن بھر جو اپنی مشکلات بیان کرتے ہیں اس میں تقریباً ۷۰ فیصدی یہی لوگ ہوتے ہیں جو یہاں رہائشی مشکلات سے دوچار ہیں اور الاٹمنٹ میں بھی باقاعدہ کوئی ایسی صورت نکالی جائے کہ باضابطگی پیدا ہو جائے اور ہنگامی بنیادوں پر کچھ ایسے منصوبے بنائے جائیں میں سمجھتا ہوں کہ اس وقت قرارداد کے اسی حصے پر اکتفا کرنا چاہیئے کیوں کہ اگر ایک مثال بھی ہم قائم کر سکیں تو وہ بھی بہت بڑی بات ہو گی۔ اگر پورے ملک پر اس کو پھیلا دیں تو وہ ناممکن سی بات ہے۔ فی الحال اگر ایک اچھا نمونہ قائم ہو جائے اور اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ آگے چل کر ہم اس کو اور بھی شہروں پر پھیلا سکیں تو بہت بہتر ہو گا۔ فی الحال فوری طور پر اگر اسلام آباد میں ایسے خستہ حال مکانات ہم ملازمین کو مالکانہ حقوق پر دے دیں تو بہتر ہو گا۔

اتنی میری گذارش ہے کہ مولانا نے قرارداد میں صرف جی سکس پر اکتفا کیا ہے تو صرف ایک سیکٹر کی بجائے اگر اور سیکٹروں میں بھی سرکاری ملازم ہوں، تو انکو بھی پھر یہ حق ملنا چاہیئے اور اگر صرف اسی جگہ ہیں اور سیکٹروں میں نہیں ہیں پھر تو بہر حال انہی کو دے دیں۔ تو میں پروفیسر خورشید احمد صاحب کی ایک بات کی تائید کرتا ہوں اور ایک بات کا اضافہ کرتا ہوں کہ صرف باہر کی آرائش و زیبائش کو نہیں بلکہ اندر جو طلسماتی محلات بنائے جاتے ہیں ان پر بھی کوئی کنٹرول کیا جائے تاکہ اندر اور باہر ایک ہی طرح رہے۔ تو میں ان الفاظ کے ساتھ مولانا کوثر نیازی صاحب کی اس قرارداد کی مکمل تائید کرتا ہوں۔ اللہ تعالیٰ کرے کہ ہم اس پر عمل کر سکیں۔ اسکو منظور کر کے اس پر عمل کر سکیں۔

جناب چیئرمین: پیشتر اس کے کہ میں کسی اور صاحب کو تقریر کے لئے کہوں، شاد محمد خان صاحب نے جو ترمیم تجویز کی ہے اگر رول ۱۱۹ کو آپ دیکھیں تو اس کے لئے دو دن کا نوٹس درکار ہوتا ہے۔

مولانا کوثرنیازی: جناب وہ اپنی ترمیم سے دستبردار ہو گئے ہیں۔

جناب چیئرمین: بہرحال میں ان کی توجہ اس کی طرف مبذول کرانا چاہتا تھا تو اگر وہ اس سے دستبردار ہو گئے ہیں تو اچھا ہے۔ جناب فدا محمد خان صاحب۔

جناب فدا محمد خان: جناب چیئرمین صاحب! میں مولانا صاحب کے اس ریزولیشن کی حرف بحرف تائید کرتا ہوں۔ کچھ عرصہ پہلے میں اسلام آباد سے متعلق رہا ہوں۔ اس زمانے میں جب آپ اور ہم حکومت میں تھے تو اس وقت بھی یہ تجویز بڑی شدومد سے بنائی گئی تھی کہ جتنے سرکاری ملازم ہیں ان کو جب کوارٹر الاٹ ہوں اور وہ ریٹائر ہونے لگیں تو ایسا کوئی ذریعہ بنایا جائے کہ ریٹائر ہونے کے ساتھ ہی انہیں کنجی بھی حوالے کی جائے اور وہ ملکیت بھی ان کے حوالے کی جائے۔ نہ جانے اس پر عملدرآمد کیوں نہ ہو سکا۔ بہرحال جس سیکٹر کا ذکر کیا گیا ہے اس سیکٹر کو میں نے ذاتی طور پر دیکھا ہے۔ ان مکانوں کو دیکھا ہے وہ نہایت خستہ حالت میں ہیں اور جو اعداد و شمار جناب مولانا صاحب نے پیش کئے ہیں میری معلومات کے مطابق وہ نہایت صحیح ہیں اور اگر اس پر عمل کیا جائے تو میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کو نہ صرف یہ کہ کافی بچت ہو گی بلکہ صحیح طور پر انہوں نے کہا ہے کہ انہیں ایک نیا سیکٹر کھولنے میں بھی بڑی آسانی ہو گی۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ گورنمنٹ کو نہ خرچ کرنا پڑے گا اور جو فلاحی مملکت کے نعرے ہم لگاتے ہیں تو اس کی طرف بھی ایک پیش رفت ہو جائے گی بشرطیکہ ہم یہ مکانات ان کے حوالے کریں۔ میں تو یہ سمجھتا ہوں کہ بغیر کچھ وصول کرنے کے حوالے کر دینا چاہیئے۔ بہرحال وہ اس کے لئے شاید آمادہ ہوں کہ کچھ نہ کچھ رقم وہ گورنمنٹ کے خزانے میں داخل کریں اور اس سے ان کی مرمت وہ خود کریں اور ان کی ملکیت بھی ان کو مل جائے۔ میں اس کی پرزور تائید کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: جناب حسین بخش بنگلزئی۔

جناب حسین بخش بنگلزئی: جناب چیئرمین صاحب! جہاں تک اسلام آباد کے مسائل کا تعلق ہے میں یہ سمجھتا ہوں کہ گرامی قدر محترم مولانا کوثرنیازی صاحب اس ایوان میں موجود تمام ممبروں کے مقابلے میں بہت ہی زیادہ واقفیت رکھتے ہیں اس لئے کہ وہ ان کی نمائندگی کرتے ہیں۔ جہاں تک مولانا صاحب کی اس قرارداد کا تعلق ہے مجھے اس سے پورا پورا اتفاق ہے۔ ان انسانی حقوق کی بنیادوں پر کہ ایک شخص اپنی زندگی کے بہترین حصے کو حکومت کی خدمت میں گذارے اور بالکل قلیل مشاہرے سے اپنا گذارہ کرے اور ریٹائرمنٹ کے بعد وہ

اس بات کے لئے ترستا پھرے کہ اپنے بچوں کو اور اپنے گھر کے سامان کو سر پر رکھ کر کہاں جا کر اپنے لئے جائے عافیت تلاش کرے۔ یہ ان ملازمین کا حق بنتا ہے اور مجھے اس بات کی بڑی خوشی ہے کہ ہاؤس کے تمام کونوں سے اس بات کی تائید ہوئی ہے۔ لیکن اس سلسلے میں صرف ایک تجویز پر میں آپ کی وساطت سے اس معزز ایوان میں پیش کرنا چاہوں گا کہ اس نیلامی سے جو رقم وصول ہو اور حکومت اس رقم کے اندر جو رقم لگانا چاہیے اس سلسلے میں جلد از جلد مزید تعمیرات کا سلسلہ جاری رہے تاکہ ان لوگوں کی الاٹمنٹ کے بعد باقی جو قریبی دنوں میں یا سالوں میں ریٹائر ہوں گے تو وہ لوگ بھی ان لوگوں کی طرح ترستے نہ پھریں بلکہ ان لوگوں کو بھی ریٹائرمنٹ کے وقت اسی قسم کے پلاٹس اور اسی قسم کے مکانات مل جائیں۔ تو ان الفاظ کے ساتھ اور اس تجویز کے ساتھ میں اس قرار داد کی مکمل تائید کرتا ہوں کہ ان کے بنیادی حقوق سمجھ کر ان لوگوں کو جائے پناہ مل جائے۔ مگر اس کی الاٹمنٹ صرف رولز ریگولیشنز نہیں، انصاف ہو کہ جن لوگوں کا حق بنتا ہو ان لوگوں کو یہ الاٹمنٹ کی جائے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: جناب سید پیر عباس شاہ صاحب۔

سید عباس شاہ: جناب چیئرمین صاحب، میں مولانا کوثر نیازی صاحب کی تائید کرتا ہوں اور پر زور الفاظ سے تائید کرتا ہوں کیونکہ جو حالات انہوں نے پیش کئے ہیں اور فگرز انہوں نے ورک آؤٹ کئے ہیں یقیناً یہ لوگ جو وہاں پر رہتے ہیں ان کا یہ حق بنتا ہے اور جو تجویزیں انہوں نے پیش کی ہیں اس کے ساتھ وہ بھی ضروری ہیں، اور اس کے ساتھ گورنمنٹ کو ایک فائدہ بھی مل رہا ہے کیونکہ سی ڈی اے نیا سیکٹر کھول سکے گا۔ اس کے علاوہ ایک نکتہ میں اس ایوان کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ ہاؤسنگ پالیسی بنانی چاہیئے۔ جو لوگ اس قابل نہیں ہیں کہ خود مکان بنا سکیں، اور وہ اپنی ملازمت میں، کسی کارخانے یا کسی پرائیویٹ ادارہ کی ملازمت میں اپنی جوانی ختم کر لیتے ہیں اور آخر میں ان کے لئے یا ان کے بچوں کے لئے سر چھپانے کی کوئی جگہ نہ ہو، تو میں یہ کہوں گا اور ہاؤس میں یہ پوائنٹ ضرور پیش کروں گا کہ ایک مربوط قومی ہاؤسنگ پالیسی ہونی چاہیئے جس کی طرف صحیح طور پر توجہ ہونی چاہیئے تاکہ اس قوم کے ہر غریب کو مکان، کپڑا اور جو چیزیں ان کی ضرورت ہیں وہ انکو مل سکیں۔

جناب چیئرمین: جناب محمد علی خان صاحب۔

جناب محمد علی خان: جناب چیئرمین صاحب! میں مولانا صاحب کی اس قرار داد کی تائید کرتا ہوں اور اس ضمن میں میں یقیناً ان کا ہمنواء ہوں۔ انہوں نے بہت ہی اہمیت کی حامل قرار داد اس ہاؤس میں پیش کی ہے۔ جہاں تک ان کوارٹرز کا تعلق ہے وہ نہایت ہی خستہ حالت میں ہیں اور اگر حکومت ان کی مرمت شروع کر دے تو میں سمجھتا ہوں اس وقت ان پر خرچ کا اندازہ کوئی ۱۰ کروڑ روپے کا لگایا گیا تھا۔ اب میں سمجھتا ہوں پندرہ کروڑ روپے پر بھی یہ پورا نہیں ہو سکے گا۔ لہٰذا یہ کوارٹرز ان کلرکوں کو یا وہاں جو لوگ مقیم ہیں، غریب اور نادار ملازمین، اگر انکو مالکانہ حقوق پر یہ فروخت کر دیئے جائیں اور وہ بھی اقساط پر تاکہ انکا یک مشت بوجھ ان پر نہ پڑے تو حکومت کو جو رقم مہیا ہو گی اس سے وہ مزید سیکٹر میں کوارٹرز بنا سکتے ہیں۔ کیونکہ جہاں تک میری انفارمیشن ہے اسلام آباد میں ۱۷ ہزار کوارٹرز کی کمی ہے اور ایک زمانے میں یہ فیصلہ کیا گیا تھا کہ حکومت ہر سال پانچ ہزار کوارٹرز بنائے گی، لیکن آج تک اس میں کسی قسم کی پیش رفت نہ ہو سکی اگر پانچ ہزار کوارٹرز سالانہ بنائے جاتے تو سترہ ہزار کی جو کمی تھی وہ بھی ختم ہو گئی ہوتی۔ کیونکہ اب جوں جوں وقت گزرتا جارہا ہے اس ضمن میں اور ڈیمانڈز زیادہ ہو رہی ہے تو ایک زمانہ آئے گا کہ یہاں اسلام آباد میں کم از کم بیس ہزار کوارٹرز کی کمی ہو جائے گی۔

اس وقت تقریباً ۲۰۰ بنگلوں کی بھی کمی ہے کیونکہ فیلڈ مارشل مرحوم نے جب اسلام آباد کا پلان شروع کیا، تو ان کا خیال تھا کہ پرائیویٹ سیکٹر کو اس میں کیا جائے۔ لہٰذا گورنمنٹ نے منسٹر، منسٹر آف سٹیٹ، سپیکر، سینٹ کے چیئرمین یا سیکرٹری کے لئے بھی بنگلے نہیں بنائے بلکہ یہ چیز پرائیویٹ سیکٹر کے لئے رکھی کہ پرائیویٹ سیکٹر آئے اور اسلام آباد میں انوسٹمنٹ کرے۔ لہٰذا وہ کوٹھیاں بھی سرکاری نہیں جو کرائے پر لی گئی ہیں۔ جہاں تک پالیسی کا تعلق ہے ایک زمانے میں یہ پالیسی بنائی گئی تھی، لیکن حیران ہوں کہ اس پر آج تک عملدرآمد نہیں ہوا، جس طرح عام طور پر چیزوں پر عملدرآمد نہیں ہوتا۔ لہٰذا حکومت کو چاہیئے کہ جو ان کی پانچ ہزار سالانہ کوارٹرز کی پرانی سکیم تھی۔ اس پر تو کم از کم کام شروع کیا جائے اور یہ جو خستہ حال کوارٹرز ہیں یہ ان کو جو ان میں مقیم ہیں آسان اقساط پر مالکانہ حقوق کے ساتھ دیئے جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جناب قاضی حسین احمد صاحب۔

قاضی حسین احمد: جناب والا! یہ ہمارے ملک کا بہت پاپولر نعرہ رہا ہے اور ہر بچے بچے کی

زبان پر تھا' کہ مانگ رہا ہے ہر انسان ' روٹی کپڑا اور مکان ۔ روٹی اور کپڑے کو تو برائے بحث شامل کر دیا گیا ہے ۔ حقیقت یہ ہے کہ روٹی کپڑے کا مسئلہ نہیں ہے یعنی تیس چالیس سال پہلے روٹی بھی ایک مسئلہ تھا' ......

ملک نسیم احمد آہیر : جناب یہ بڑی خوشی کی بات ہے کہ قاضی صاحب کی زبان پر بھی روٹی ' کپڑا اور مکان آ گیا ہے ۔ میں ان کو مبارک باد دیتا ہوں ۔

قاضی حسین احمد : بالکل ' میں جناب آہیر صاحب کو یہ بتا دوں ' کہ یہ نعرہ جب بہت پاپولر ہو گیا تھا' تو ہمارا نعرہ تھا' روٹی ' کپڑا اور مکان ' سب کچھ دیتا ہے قرآن ' ہوش میں آ مزدور کسان ۔ یہ ہمارا نعرہ تھا' تو میں یہ عرض کرتا ہوں کہ یہ روٹی اور کپڑا ۳۰ سال پہلے یا ۳۲ سال پہلے ہمیں معلوم ہے ' مسجد میں یا کسی جگہ پر جاتے تھے تو چیتھڑے لوگوں نے پہنے ہوتے تھے اور صرف روٹی کی بنیاد پر لوگ مزدوری کرتے تھے نوکری کرتے تھے اور ملازم رہتے تھے ۔ لیکن مکان کا مسئلہ ہمارے ملک کا بہت بڑا مسئلہ ہے اور لوگوں کو کرائے کا مکان بھی نہیں ملتا ۔ مکانوں کی سخت اور شدید قلت ہے ۔ بعض اوقات پیسے ہوتے ہیں اور مکان نہیں ہوتا' اس لئے میں قرارداد کی تو اس لئے تائید کرتا ہوں کہ اگر سارے لوگوں کو نہیں مل سکتا تو کم از کم جی سکس کے سیکٹر کے لوگوں کو تو مل جائے اور میں شاد محمد خان صاحب کو بھی اس طرف متوجہ کروں گا کہ اگر اور زیادہ مطالبات بیچ میں آپ نے داخل کرنے کی کوشش کی تو یہ جی سکس والے محروم رہ جائیں گے ۔ اس لئے آپ جی سکس والوں کو لینے دیں ۔ باقی حکومت کو ایک ہاؤسنگ سکیم بنانی چاہئے کہ سستے مکانات کس طریقے سے لوگوں کو مہیا کئے جا سکتے ہیں ۔ اس کے لئے کوئی ریسرچ بھی ہونی چاہئے ۔ اس کے لئے بہت بڑی پلاننگ اور بڑے پیمانے پر سکیم ہونی چاہئے اور خوش قسمتی سے پلاننگ منسٹر بھی بیٹھے ہوئے ہیں ۔ وہ وزارت خزانہ سے بھی واقف ہیں ' اور اس کے بارے میں ایک بہت اچھی سکیم ہونی چاہئے تاکہ یہ مسئلہ بھی حل ہو جائے اور مسئلے کے حل کا طریقہ بھی یہی ہے کہ جو عالیشان اور محل نما مکان بن رہے ہیں ان پر قدغن اور پابندیاں لگ جائیں اور اس کے مقابلے میں چھوٹے مکانات پر توجہ دی جائے تاکہ ان لوگوں کا کوئی ٹھکانہ بن جائے ۔ اس کے بدلے میں ان لوگوں پر توجہ دی جائے ۔ اس کے ساتھ میں اس قرارداد کی حمایت کرتا ہوں ۔

جناب چیئرمین : جناب سردار خضر حیات صاحب ۔

سردار خضر حیات خان: سر، اگر مجھے اجازت ہو، تو میں بیٹھے بیٹھے تقریر کر لوں۔

جناب چیئرمین: بیٹھے بیٹھے۔

سردار خضر حیات خان: جناب چیئرمین! میں جناب مولانا کوثر نیازی صاحب کو مبارک باد دیتا ہوں۔ انہوں نے ایک بہت ہی ضروری مسئلے کی طرف اس ہاؤس کی توجہ دلائی ہے اور جو لوگ اس ملک کو فلاحی کہتے ہیں۔ یہ نعرے کی بات نہیں ہے ہم نے اس ملک کو فلاحی مملکت بنانا ہے اور انشاء اللہ بنا کر رہیں گے............

جناب چیئرمین: اذان ہو رہی ہے۔ ہاوس کو ایڈ جرن کیا جاتا ہے۔ ساڑھے چھ بجے پھر ملیں گے۔

---

(The Session adjourned for Maghrab prayers).

---

[The House re-assembled after Maghrab prayers with Mr. Chairman, (Mr. Ghulam Ishaq Khan) in the Chair].

جناب چیئرمین: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم، بحث پھر شروع کرتے ہیں۔ جناب عنایت خان صاحب۔

سردار خضر حیات خان: میں سر ابھی بول رہا تھا۔

جناب چیئرمین: ابھی آپ نے ختم نہیں کیا۔

سردار خضر حیات خان: نہیں سر۔

جناب چیئرمین: فرمائیے۔

سردار خضر حیات خان: جناب چیئرمین صاحب، میں یہ عرض کر رہا تھا کہ ہم نے اس ملک کو فلاحی مملکت بنانا ہے کیونکہ بابائے قوم نے بھی یہی ارشاد فرمایا تھا کہ پاکستان ایک اسلامی فلاحی مملکت کے طور پر ہی قائم رہ سکتی ہے۔ تو اس لئے یہ مسئلہ نہ روٹی کپڑے اور مکان کا ہے اور نہ نعروں کا ہے۔ بلکہ قائداعظم کے ارشاد کے مطابق اور ان کے نقش قدم پر چلتے ہوئے پاکستان کو فلاحی مملکت بنانے کے سلسلے میں یہ جو انہوں نے ایک تجویز پیش کی ہے یہ بہت ضروری ہے۔ میں عرض کروں گا کہ جیسا کہ آپ سب حضرات کو علم ہے ۲۰، ۲۵ سال پہلے یہ کوارٹرز بنے تھے اور آج ان کی حالت یہ ہے کہ ان میں رہنا ناممکن ہے اور مشکل ترین بات ہے۔ ایک دن بارش ہوتی ہے اور ان کوارٹروں میں چار چار دن جاری رہتی ہے اور آدمی نہ وہاں بیٹھ سکتا

ہے اور ان کی مرمت کے لئے بھی آپ کو کروڑوں روپے کی ضرورت ہے اور جیسا کہ ماسٹر پلان میں درج ہے اس وقت بھی انہوں نے یہ نشاندہی کی تھی 'اس میں ایک ریوالونگ فنڈ قائم کیا جائے اور ہر دوسرے' تیسرے سال یہاں پر کوارٹرز بنتے رہیں اور جیسا کہ نیازی صاحب نے کہا ہے ماسٹر پلان کے مطابق ایک ریوالونگ فنڈ قائم کیا جائے اور ان کو کوارٹروں کی سیل سے آپ کو ۲۶ کروڑ روپے ملیں گے اور صرف ۱۱ کروڑ روپے میں ۱۰ ہزار کوارٹرز بن سکتے ہیں جس سے رہائش کا مسئلہ طے ہو سکتا ہے۔ ہم نے یہاں یہ دیکھا ہے کہ یہاں جو چھوٹے ملازمین ہیں ان کی سب سے بڑی مشکل یہ ہے کہ جب وہ یہاں پوسٹ ہوتے ہیں تو ان کیلئے رہائش کی کوئی جگہ نہیں ہوتی اور آئے روز تمام وزراء صاحبان کو ملازمین یہی کہتے ہیں کہ ہم اپنے وزیر صاحب کو یہ ری کمنڈ کریں کہ ان کو رہائش کے لئے جگہ ملے۔ تو اس سے میں یہ سمجھتا ہوں کہ حکومت کو بھی سہولت حاصل ہوگی کہ وہ یہ بیچ کر نئے کوارٹرز تعمیر کرے اور یہ سلسلہ جاری رہنا چاہئے جیسا کہ ماسٹر پلان میں ہے۔ تو یہاں کے مسائل حل ہوتے جائیں گے اور اگر ہم سارے ملک کے مسائل حل نہیں کر سکتے تو کم از کم اسلام آباد کے مسائل تو حل کریں اور اس کے مسائل حل کرنے میں ہم ممد و معاون ثابت ہوں' کیونکہ جب یہاں کوئی چھوٹا ملازم آتا ہے تو اس بیچارے کو رہائش کی پریشانی ہوتی ہے اس کو رہائش ملتی نہیں ہے کیونکہ یہاں کرائے اتنے زیادہ ہیں کہ چھوٹے ملازمین کے لئے یہاں رہنا اور اپنا پیٹ پالنا ہی مشکل ہے تو ان کی رہائش کا مسئلہ اس طریقے سے حل ہو سکتا ہے۔

مجھے یقین کامل ہے کہ ہمارے موجودہ وزیر جواں سال اور جواں ہمت وزیر ہیں وہ جلد از جلد نئی ہاؤسنگ پالیسی وضع کریں گے جو اس ایوان کو بھی قبول ہوگی اور سارے ملک کو بھی قبول ہوگی' اور صرف اسلام آباد کے لئے ہی نہیں بلکہ وہ سارے ملک کیلئے ہاؤسنگ پالیسی وضع کریں۔ تاکہ یہاں پر لوگوں کی مشکلات کم سے کم ہوں' اور لوگوں کو کچھ آرام ہو' صرف ہاؤسنگ ہی نہیں بلکہ اور بھی پالیساں وضع ہوں گی' لیکن ہاؤسنگ پالیسی بہت ضروری ہے کیونکہ رہائش کا اگر انتظام نہ ہو' تو انسان ہر وقت اسی فکر میں رہتا ہے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ ۲۶ کروڑ روپے اور ۱۱ کروڑ روپے جو سالانہ مرمت پر خرچ ہوتے ہیں اور جن سے مرمت ٹھیک بھی نہیں ہو سکتی اس مرمت کے خرچ اور ۲۶ کروڑ سے ہم نئے ۱۰ ہزار کوارٹرز بنائیں تو اس سے شاید سارے ملک کا مسئلہ تو حل نہ ہو سکے لیکن اسلام آباد کا مسئلہ کچھ حد تک حل ہو جائے گا۔ اور ریوالونگ فنڈ کی جو سکیم ہے وہ جاری رہے گی' تاکہ ریوالونگ فنڈ سے ہمیشہ کے لئے یہ کام چلتا

[Salim Saifullah Khan].

رہے، جیسے کہ کہا گیا ہے کہ سی ڈی اے کے پہلے چیئرمین نے بھی کافی عرصہ پہلے یہ سفارش کی تھی کہ ایسا کر دیا جائے۔ تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ انسانی ہمدردی کے جذبے کے طور پر بھی ضروری ہے اس لئے میں کوثر نیازی صاحب کی اس تجویز سے اتفاق کرتا ہوں اور مجھے یقین ہے کہ گورنمنٹ اور ہمارے تمام دوسرے ممبران اس کی تائید کریں گے اور متفقہ طور پر یہ تجویز پاس ہو جائے گی۔ ان الفاظ کے ساتھ میں جناب کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔

نوابزادہ عنایت خان: جناب چیئرمین! میں مولانا کوثر نیازی کی اس قرارداد کی پرزور تائید کرتا ہوں اس لئے کہ اس قرارداد کی دو تین چیزوں کا اثر براہ راست ہمارے عوام پر پڑے گا اور اس کے بہت اچھے اثرات سامنے آئیں گے۔ یہ غریب ملازمین ان لوگوں میں شامل ہیں جو ہماری موجودہ حکومت کے منشور میں آیا ہے کہ ہم ان کے لئے مکان کا بندوبست کریں گے روٹی یا دوسری چیزیں بعد میں، لیکن مکان پہلے دلائیں گے۔ تو کیوں ہم اسے اسلام آباد سے شروع نہ کریں۔ ہو سکتا ہے کہ ہم یہاں سے شروع کریں تو تمام پاکستان میں ایسا ہو جائے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اسلام آباد ہمارا Capital ہے جو یہ نہ سمجھے کہ یہ میرا مکان ہے وہ اس کی حفاظت نہیں کرتا ہے۔ اس لئے ان مکانوں کی جو خستہ حالی ہے وہ اسی وجہ سے ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ اس سے ہمیں چلے جانا ہے۔ اسلام آباد ایسی جگہ ہے کہ ہم چاہتے ہیں کہ یہ اتنا خوبصورت شہر ہو تا کہ دنیا کے لوگ سمجھیں کہ ہم اپنے دارالخلافہ کی کتنی عزت و احترام کرتے ہیں۔ اگر ہم نے یہ مکانات ان کو الاٹ کر دیے اور جب ان کو یہ پتہ لگ جائے کہ یہ مکان ہمارے اپنے ہیں تو یہ ان کی نئے سرے سے مرمت کر لیں گے اور یہ مکانات باقی مکانوں کی صف میں آ جائینگے۔ تو میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ یہ ہمارے اپنے لوگ ہیں، انہوں نے حکومت کی خدمت کی ہے اور ہر ایک نے ۳۰/۲۵ سال نوکری کی ہے تو اس کے عوض میں اگر ہم ان کو یہ الاٹمنٹ دے دیں۔ تو ان پر بھی بلکہ ان کے بچوں پر ہمارا ایک احسان ہو گا اور یہ سمجھیں گے کہ ہماری یہ خدمت یا محنت ضائع نہیں ہوئی۔

کوثر نیازی صاحب نے جو قرارداد پیش کی ہے اس کا تعلق عوام سے ہے اور عوام کے ایماء پر ہم یہاں آئے ہیں ہم ان کے نوکر ہیں۔ ان کے لئے اگر ہم یہاں پر آواز نہ اٹھائیں تو پھر ہم اپنے عوام کے ساتھ غداری کرتے ہیں۔ اس لئے میں پرزور حمایت کرتا ہوں کہ جس

طریقہ پر ہو یہ قرار داد منظور ہو جائے اور اس پر عمل ہو جائے یہ نہیں ہے کہ قرار داد اگر پاس ہو گئی اور کل پھر اس کا پتہ بھی نہیں ہو کہ کدھر گئی اور کہاں گم ہو گئی اور جب یہ قرار داد ایوان بالا میں پاس ہو جائے تو پھر اس کی کوئی عزت نہ ہو تو اس ہاؤس کی کیا عزت ہو گی تو میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اس قرار داد کو پاس ہونا چاہئے اور اتفاق سے پاس ہونی چاہئے۔ شکریہ۔

بریگیڈیئر (ریٹائرڈ) محمد حیات خان: جناب چیئرمین! میں بالکل مختصر بات کروں گا کیونکہ کافی بحث ہو چکی ہے۔ ہم لوگ مولانا صاحب کے ساتھ مل کر دیکھتے رہے کہ اس طرح کی قرار داد بنائی جائے اور پاس ہو لہٰذا میں ان کے ساتھ پوری طرح متفق ہوں۔ اور صرف یہ add کرنا چاہتا ہوں کہ یہ لوگ اتنے غریب ہیں کہ ان سے مکانوں کی قیمت نہ لی جائے کیونکہ مکانوں کی قیمت تو حکومت وصول کر چکی ہے پچھلے ۲۰ سال میں صرف ان سے پلاٹوں کی قیمت قسطوں میں لی جائے۔

میں اس بات کی بھی تائید کرتا ہوں کہ اسلام آباد کا یہ سب سے غریب طبقہ ہے' کیونکہ جب ہم زکوٰۃ دیتے ہیں تو سب سے زیادہ مستحقین لوگ اس سیکٹر میں رہتے ہیں اور یہ اس طرح غریب ہونے کی وجہ سے بھی مستحق ہیں دوسرا انہوں نے جو حکومت کی خدمت کی ہے اس کے ذریعے سے بھی یہ بہت مستحق بنتے ہیں اور اس کا طریقہ کار ہاؤسنگ منسٹری جلد ہی لوگوں کو بتا دے تاکہ ان کو اپنے اپنے پلاٹ مل جائیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ جناب جوگیزئی صاحب۔

نواب زادہ جہانگیر شاہ جوگیزئی: جناب چیئرمین! پاکستان ایک قوم کا' ایک خاندان کا ملک نہیں ہے یہ عوام کا ملک ہے اور عوام میں سب سے زیادہ غریب طبقہ' مزدور اور کسان ہیں۔ ہم جب کہتے ہیں کہ اسلامی نظام ہو تو اس حکومت کا پہلا اور اولین فرض یہ ہے کہ وہ فلاحی مملکت قائم کرے اور اس حساب سے پاکستان میں یہ پہلا قدم ہو گا اگر اس پر عمل کیا جائے اور میں ساتھ ہی یہ تجویز کرتا ہوں کہ جیسے تعلیم کیلئے اقراء ٹیکس لگایا گیا اور اسطرح ایک اور ٹیکس مکانات کے لئے لگایا جائے تاکہ ان کسانوں اور مزدوروں کو جنہیں کوئی سایہ میسر نہیں ان کو کوئی سایہ مل جائے بلکہ ایک نظام کے تحت مکان بنائے جائیں اور پھر اقساط پر ان لوگوں میں فروخت کئے جائیں جن کے پاس مکان بنانے کی طاقت نہیں ہے۔ میں تو کہوں گا کہ

[Nawabzada Jahangir Shah Jogezai]

اسلام کی پہلی آیت ہے ذالک الکتب لا ریب فیہ ہدیٰ للمتقین الذی یومنون بالغیب واقیموا الصلوٰۃ بمارزقناہم ینفیقون یعنی صلوۃ کے بعد ممارزقناہم ینفیقون جو ہے اسلامی دین میں سب سے بڑی چیز یہ ہے کہ آپ کے پاس جو دولت ہے اس کو ضائع نہ کرو' فضول خرچ جو ہیں وہ شیطان کے بھائی ہیں۔ اور شیطان وہ ہے جو خدا کا نافرمان ہے۔ تو اس لئے یہ ٹیکس لگایا جائے اور پھر اسی ٹیکس سے ان لوگوں کی بستیاں بسائی جائیں جن کے پاس وسائل نہیں ہیں تو پاکستان کا اولین قدم یہاں سے شروع ہو' اور اس چیز پر ختم ہو جب ہم عوام کے ہر شخص کو ملک میں اپنی استطاعت کے مطابق مکان دیں۔ دوسری چیز یہ ہے کہ اس تجویز کو مدنظر رکھا جائے جہاں جہاں یہ ہوتا ہے وہاں پر حکومت اور عوام کی نظر ہونی چاہئے جن کے پاس دولت ہے ان کو بجائے خوبصورت مکان بنانے کے ان کی دولت کو اس طرف موڑ دیا جائے جس سے اللہ تعالیٰ اس ملک میں برکت بھی کرے گا اور اس کی دولت میں برکت بھی ہوگی۔ انشاءاللہ جس کا ایمان سلامت ہو گا اس کو جنت بھی ملے گی۔ تو ان الفاظ کے ساتھ میں ان کی پرزور تائید کرتا ہوں مگر ایک احتیاط کرنی چاہئے کہ جب ایسے معاملے آجاتے ہیں تو اس میں گڑبڑ بڑی ہوتی ہے ایسے میں غیر مستحق لوگ قبضہ کر لیتے ہیں اور اس کے اوپر نظر رکھنی پڑے گی۔ ایسا نہ ہو کہ مستحق رہ جائیں اور غیر مستحق اس ہل چل میں مفاد حاصل کر لیں۔ ان الفاظ کے ساتھ میں تائید کرتا ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ ملک فرید اللہ خان صاحب۔

ملک فرید اللہ خان: جناب چیئرمین! میں مولانا کوثر نیازی صاحب کی قرار داد کی پرزور حمایت کرتے ہوئے یہی گزارش کروں گا کہ یہ ایک نہایت ہی جامع تجویز ہے اور ان لوگوں کے ساتھ جو اپنی زندگی کا بیشتر حصہ حکومت کی خدمت میں گزار چکے ہیں یہ ان کے لئے حکومت کی طرف سے ایک قابل قدر متاع ہوگی اس لئے بھی کہ C.D.A. کے اوپر اتنا بوجھ ہے کہ وہ ان کی دیکھ بھال نہیں کر سکتے جیسا کہ مولانا صاحب نے فرمایا ہے کہ ان کی مرمت وغیرہ پر ایک ڈیڑھ کروڑ روپیہ لگتا ہے۔ تو یہ رقم جیسے آپ دیکھ رہے ہیں کہ اسلام آباد کی سڑکیں جس کے اتنے نشیب و فراز ہیں ان جگھوں یا دوسری سڑکوں پر استعمال کریں اور یہ مکانات انہی لوگوں کو دیئے جائیں تو ملک میں ہر سطح پر اس کا خیر مقدم کیا جائے گا۔ تو میری عرض ہے کہ حکومت اس جانب ایک Bold Step اٹھائے۔ یہ مکان اتنے بوسیدہ ہو چکے ہیں کہ یہ C.D.A.

کیلئے بھی زحمت بن چکے ہیں۔ تو ہم اس قرارداد کی پر زور حمایت کرتے ہیں اور حکومت سے یہ التماس کرتے ہیں کہ اس غریب طبقہ کو یہ چیز ملنی چاہئے۔ شکریہ۔

جناب راحت سعید چھتاری: جناب چیئرمین! میں مولانا کوثر نیازی صاحب کے اس ریزولیوشن کی بھرپور تائید کرتا ہوں۔ پاکستان کے ایک شاعر نے یہ کہا تھا کہ اپنے ملک میں کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔ روٹی پکی پکائی، کپڑے سلے سلائے، سڑکیں کھدی کھدائیں، مدفن بنے بنائے۔ اور ایک چیز کی جو کمی باقی رہ گئی تھی اور جسے بری طرح سے محسوس کیا جارہا ہے وہ ملازمین کے مکان کا مسئلہ ہے۔ اس سلسلے میں جیسا کہ آپ کو معلوم ہے میں خود ایک رہائشی کمپنی سے وابستہ ہوں۔ لہٰذا مجھے ان چیزوں کا پورا علم ہے اور میں نے بارہا اس سلسلے میں یہ ذکر کیا ہے کہ محض نظریات پر یقین رکھنے سے حب الوطنی پیدا نہیں ہوتی۔ جو بدنصیب دن کی گرمی اور رات کی سردی فٹ پاتھ پر گزارتا ہے اور گٹر کے پانی میں نہاتا ہے اسے وطن عزیز سے کیا دلچسپی ہو سکتی ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اس کے لئے رہائش کا پورا اور باقاعدہ انتظام کیا جائے۔ میں چونکہ رہائشی کمپنی سے متعلق ہوں اس لئے میں، اگر حکومت کسی سٹیج پر اس طرف توجہ کرے گی اور کوئی نیشنل ہاؤسنگ پالیسی بنانا چاہے گی تو یقیناً اس میں خاصی مدد کر سکتا ہوں۔ لہٰذا ابتدا اسلام آباد سے کیجئے۔ خدا کرے کہ یہ اسکیم پلے بڑھے اور پھولے۔ اور ملک کے ہر حصے میں ہم اس کو لوگوں کے سامنے لے جاسکیں۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ حکومت کی طرف سے کون جواب دے گا۔ باقی تو سب حضرات جو بولنا چاہتے تھے بول چکے ہیں۔ جناب سلیم سیف اللہ خان صاحب۔

جناب سلیم سیف اللہ خان: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

Sir, I have the unpleasant responsibility of opposing this resolution.

جناب والا میں اگلے چند منٹ میں کچھ وضاحت بھی کرنا چاہتا ہوں اور بعض معزز اراکین نے جس بات کی نشاندہی کی ہے اس پر بھی اپنے خیالات کا اظہار کرنا چاہتا ہوں۔ جناب والا! جہاں تک ہاؤسنگ یا مکانات کی کمی یا بحران یا فقدان کا تعلق ہے تو میں ان سے اتفاق کرتا ہوں۔ خاص کر ہمارا جو چھوٹا طبقہ ہے ان کے لئے۔ یہ نہیں کہ صرف اسلام آباد میں بلکہ پاکستان کے تمام بڑے شہروں میں جن مشکلات کا انہیں سامنا کرنا پڑ رہا ہے وہ ہم سب کو معلوم ہیں۔

[Salim Saifullah Khan]

جناب والا! میں صرف آپ کو اسلام آباد کی مثال دیتا ہوں کہ اس شہر میں جہاں تقریباً ۲۸ ہزار حکومت کے کارندے ہیں یا فیڈرل گورنمنٹ ایمپلائیز ہیں ان میں سے اس وقت صرف بارہ ہزار کو کوارٹرز الاٹ ہو چکے ہیں۔ کیونکہ حکومت کے پاس یہی کل تعداد کوارٹرز کی ہے یعنی اس وقت بھی موجودہ صورت حال کو اگر دیکھا جائے تو ۱۶ ہزار کوارٹرز کی کمی ہے صرف اسلام آباد شہر میں۔ جناب والا! اگر پورے پاکستان کی سطح پر دیکھا جائے تو ہمارے اربنز ایریاز کی جو ضروریات ہیں وہ ہر سال ایک لاکھ بیس ہزار مکانات کی ہیں جبکہ کل تعمیر جو ہو رہی ہے وہ چالیس سے پچاس ہزار کے قریب ہے۔ اس وقت بیک لاگ بعض اعداد و شمار کے مطابق تقریباً پچیس لاکھ مکانات کا ہے اور اس میں ہر سال اربن ایریاز میں ستر اسی ہزار کا اضافہ ہو رہا ہے۔ جناب والا! میں یہ بھی کہنے کی جسارت کروں گا کہ یہ موجودہ حکومت کو ورثے میں ملا ہے۔ مکانات کے پرابلم کے سلسلے میں صرف اتنا کہنا چاہتا ہوں کہ یہ پالیسی ہے اور جو پانچ نکاتی پروگرام وزیر اعظم نے قوم کو پیش کیا ہے اس میں بھی سات مرلہ سکیم، کچی آبادی اور مکانات کا انہوں نے ذکر کیا ہے۔ میں معزز ایوان کو بتا دینا چاہتا ہوں کہ موجودہ حکومت کا یہ ترجیحی سیکٹر ہو گا کہ جلد از جلد خاص کر وفاقی ملازمین کے لئے ایک کریش پروگرام کے تحت خاص کر چھوٹے طبقے کے لوگوں کے لئے مکانات تعمیر کریں۔ یہ مسئلہ یقیناً ان کے لئے بہت بڑا ہے اور پچھلے دو ہفتے سے، جب سے میں تعمیرات کا وزیر بنا ہوں ہر روز سینکڑوں کی تعداد میں لوگ آ رہے ہیں اور کوارٹرز کے لئے اپنی درخواستیں دے رہے ہیں۔ مجھے یقیناً یہ دیکھ کر دکھ ہوتا ہے اور میری ذاتی کوشش بھی یہ ہو گی کہ جب تک میں وزیر تعمیرات ہوں جلد از جلد ہم اپنی ان پالیسیوں کو عملی جامہ پہنا دیں۔

اب جناب والا! یہ کہہ دینا کہ کوارٹرز کی لاکھوں کی کمی ہے اور اگر ہم تین ہزار نو سو چھپن کوارٹرز تقسیم کر دیں تو اس سے یہ بحران یا فقدان یا مسئلہ یا تکلیف ختم ہو جائے گی تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی حقیقت نہیں ہے۔ خاص کر اگر آپ میرے پیش کردہ چند اعداد و شمار پر غور کریں کہ جو ہم نے حساب لگایا ہے کہ اگر ان کوارٹرز کو فروخت کیا جائے تو اس سے تقریباً ستائیس اٹھائیس کروڑ روپیہ حکومت کو موصول ہو گا۔ لیکن اگر ہم اتنے ہی کوارٹر دوبارہ آج تعمیر کریں تو اس پر کوئی ستر (۷۰) کروڑ روپے کا خرچہ حکومت کو آئے گا اور یہ ستائیس اٹھائیس کروڑ روپے یقیناً ایک دن میں وصول نہیں ہو سکتے بلکہ یہ اگلے دس بارہ پندرہ سال میں وصول ہوں گے

تو اگر آپ اس وقت کی رقم یا روپے کی قیمت سے حساب لگائیں تو شاید یہ ستائیس اٹھائیس کروڑ روپے بھی کم ہو کر دس بارہ کروڑ رہ جائیں گے۔ ایک تو یہ مسئلہ ہے۔ دوسرے یہ کہ اس وقت پندرہ ہزار کی جو کمی ہے وہ بڑھ کر انیس ہزار ہو جائے گی۔ اگر آپ یہ چار ہزار کوارٹرز جن میں اس وقت سول سرونٹس مقیم ہیں جب وہ ریٹائر ہو جائیں اور آپ ان کو یہ دے دیں تو جو نئے آ رہے ہیں ان کو ہم کہاں پر رکھیں گے۔ یہ بھی ہمارا فرض ہے' حکومت کا فرض ہے کہ حکومت کے جو کارندے ہیں ان کو مکانات مہیا کرے۔ یہ بھی ہماری ایک ذمہ داری ہے۔ اس ذمہ داری کو پورا کرنے میں ہماری مشکلات اس وقت اور بڑھ جائیں گی جب ہم ان چار ہزار کوارٹرز کے مالکانہ حقوق ان ملازمین کو دے دیں۔

جناب والا! میری صرف یہی گذارش ہے۔ میں نے آج ہی سیکرٹری ہاؤسنگ اینڈ ورکس کو یہ ہدایات جاری کی ہیں کہ وہ فوری طور پر ایک پانچ ہزار پلاٹس کی سکیم بنائیں اور ان پانچ ہزار پلاٹس پر اپنے سرکاری ملازمین کو دعوت دی جائے کہ ان میں جو شریک ہونا چاہتے ہیں ان کے لئے وہاں پر مکانات تعمیر کئے جائیں گے اور ان کے لئے فنڈ ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن سے یا فنانشل اداروں سے یا اے جی پی آر سے گورنمنٹ فراہم کرے گی اور ان کو یہ پانچ ہزار مکانات ہائیر پرچیز سسٹم پر دے دئے جائیں گے۔ یعنی اس وقت جو ریزولیوشن اس معزز ایوان میں پیش ہوا ہے کہ موجودہ کوارٹرز ملازمین کو دے دیئے جائیں۔ اس کے بجائے میں بہتر طریقہ یہ سمجھتا ہوں کہ ہم ایک نئی سکیم شروع کریں اور اگر وہ کامیاب ہو گئی' مجھے یقین ہے کہ وہ کامیاب ہو گی' تو ہم اس کو پانچ ہزار سے بڑھا کر دس ہزار اور پندرہ ہزار بھی کر سکتے ہیں اور دوسرے شہروں تک بھی ہم اس سکیم کو لے جا سکتے ہیں۔

جناب والا! میں اس موقع پر کوئی لمبی تقریر نہیں کرنا چاہتا۔ میں صرف یہی عرض کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ یا یہ ایوان فیصلہ کر لے کہ یہ قرارداد پاس کی جائے اور حکومت یہ فیصلہ کر لے کہ ہم نے یہ چار ہزار کوارٹر الاٹ کرنے ہیں تو جی ۔ سکس کے علاوہ جی سیون بھی ہے' جی ۸ بھی ہے' جی ۹ بھی ہے' جی ۱۰ بھی ہے اور جی ۱۱ بھی ہے۔ آخر ان کا کیا قصور ہے۔ آخر ان کا بھی حق بنے گا اور وہ بھی یہ کہیں گے کہ یہ حقوق ہمیں بھی دیئے جائیں۔ اس کے علاوہ ہمارے دوسرے شہروں میں بھی وفاقی حکومت کے جو کوارٹرز ہیں یا رہائشی پراپرٹی ہے' کراچی میں ہے' کوئٹہ میں ہے' لاہور میں ہے اور پشاور میں ہے وہاں پر بھی اسی قسم کی ڈیمانڈز سامنے آئی

شروع ہو جائیں گی کہ وہاں پر بھی یہ حقوق دیئے جائیں۔

جناب والا! میں سمجھتا ہوں کہ یہ ہم نے ایک آسان طریقہ اختیار کرنے کی کوشش کی ہے کہ یہ جو حکومت کے اثاثے ہیں، کوارٹرز ہیں وہ سب تقسیم کر لیں اور لوگوں کو دے دیں میں سمجھتا ہوں کہ اس کے لئے ایک جامع منصوبہ بندی ہونی چاہئے۔ اس کے لئے سوچ و فکر ہونی چاہئے۔ اس کے لئے ایک بہت ہی معیاری اور فعال ہاوسنگ پالیسی تشکیل دینی چاہئے اور میں اس ہاوسنگ پالیسی کو اس ایوان میں بھی پیش کرنے کے لئے تیار ہوں۔ یہاں اس پر بحث کے لئے بھی تیار ہوں کہ ہم کس طریقے سے جو ایک بحران ہے، جو میں عرض کر چکا ہوں کہ ۲۵ لاکھ گھروں کی کمی ہے اور ہر سال جو اس میں اضافہ ہو رہا ہے۔ جو یہ تکلیف ہے اس کو ہم کیسے حل کریں میں سمجھتا ہوں کہ یہ over simplification ہے کہ جی آپ ساڑھے تین ہزار، چار ہزار کوارٹرز دے دیں گے تو اس سے ملک میں گھروں کا جو مسئلہ ہے، وہ ختم ہو جائے گا

This with all due respect, I think, is over simplification.

تو میں دوبارہ اپنے بھائیوں سے یہ گزارش کروں گا کہ وہ ہمیں موقعہ دیں۔ ہم یہ پانچ ہزار پلاٹوں کی اسکیم جو میں عرض کر چکا ہوں، یہ سکیم انشاء اللہ اگلے ماہ کیبنٹ کو پیش کر دی جائے گی۔ اگر یہ سکیم کامیاب ہوئی تو میں اس ایوان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ اس سکیم میں نہ صرف ہم اسلام آباد میں اضافہ کریں گے بلکہ تمام پاکستان کے دیگر شہروں کے لئے مناسب سکیمیں بنائیں گے۔

جہاں تک مرمت کا تعلق ہے،۔ جناب والا! یہ کہہ دینا کہ حکومت نے اپنے اثاثوں کی صحیح طور پر مرمت نہیں کی تو اس کو اب ملازمین کے حوالے کر دینا چاہئے تو میں سمجھتا ہوں کہ یہ بھی کوئی مناسب دلیل نہیں ہے۔ حکومت کے اثاثے، پورے پاکستان میں اربوں، کروڑوں روپے کے موجود ہیں۔ اگر یہی پیمانہ ہم استعمال کرنا شروع کر دیں تو اور بھی ایسی بڑی جگہیں ہوں گی جہاں پر یہ مطالبہ مقامی طور پر اٹھے گا کہ چونکہ آپ نے اسلام آباد میں خستہ حال کوارٹرز دیئے ہیں۔ تو آپ اسی قسم کی خستہ بلڈنگز جو ہیں وہ ہمارے حوالے کر دیجئے۔ میں مولانا صاحب کی بے حد عزت اور احترام کرتا ہوں اور میں ان کو یہ بھی یقین دلاتا ہوں کہ میں خود جا کر ان کوارٹرز کا، جو مجھے بھی معلوم ہے کہ ان کی حالت اتنی اچھی نہیں ہے ان کا معائنہ کروں

گا اور انشاء اللہ تعالیٰ جتنی رقم کی ضرورت ہے انکی حالت بہتر بنانے کیلئے‘ انکو مرمت کرنے کیلئے‘ اس کیلئے بھی انشاء اللہ تعالیٰ میری پوری کوشش ہوگی کہ وہ میں مہیا کر سکوں۔ اس سال ہمیں پورے پی ڈبلیو ڈی کے ورکس پروگرام کیلئے‘ maintenance صرف ۱۵ کروڑ روپے دیئے گئے ہیں جن میں اگلے سال جا کر مجھے امید ہے ۳۰‘ ۳۵ فی صد کا اضافہ کیا جائے گا تاکہ جو ہمارے اثاثے ہیں‘ یہ بات نہ ہو کہ آگے دوڑ اور پیچھے چوڑ پہلے ان کی مرمت زیادہ ضروری ہے اور اس کے بعد ہم آگے بڑھ کر اور نئے کام کریں گے۔ تو اس وضاحت کے بعد مجھے امید ہے کہ معزز رکن سینٹ ہمیں وقت دیں گے تاکہ ہم ایک جامع منصوبہ جو ہے وہ قوم کو اور ملت کو پیش کر سکیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: مولانا نیازی صاحب۔

مولانا کوثر نیازی: جناب چیئرمین! مجھے حکومت سے یہ توقع تھی کہ اسلام کا نام لینے کے ساتھ ساتھ وہ اسلامی اصولوں پر بھی عمل کرے گی اور حکومت کے اس ماڈل کو اپنے سامنے رکھے گی جو حضرت عمر فاروقؓ نے نوع انسانی کے لئے تجویز کیا تھا۔ جب انہوں نے ایک غیر مسلم شخص کو دیکھا کہ بڑھاپے میں بے سہارا ہے تو انہوں نے فرمایا کہ وہ معاشرہ کیسے اللہ تعالیٰ کی رحمت کا سزاوار ہو سکتا ہے جو لوگوں سے ان کی جوانی میں تو خدمت لیتا ہے لیکن بڑھاپے میں ان کا پرسان حال نہیں رہتا۔

زیر نظر مسئلے میں صورتحال یہ ہے کہ بعض لوگوں کے واقعتاً heart fail ہو گئے ہیں جب انہیں معلوم ہوا کہ ہماری ریٹائرمنٹ ہونے کو ہے اور ریٹائرمنٹ کے بعد ہمیں سر چھپانے کو کوئی جگہ نصیب نہیں ہوگی۔ میں مبالغہ نہیں کر رہا۔ سی ڈی اے کے ایک ملازم محبوب جانی تھے۔ جب انہیں یہ اطلاع ملی کہ وہ ریٹائر ہونے والے ہیں تو یہ خبر سنتے ہی انہیں دل کا دورہ پڑا اور وہ جان بحق ہو گئے۔ ایسی صورت بھی موجود ہے جناب چیئرمین اور صورت نہیں لوگ ریٹائرمنٹ کے وقت اپنی بیٹیوں کو ملازم کرا دیتے ہیں تاکہ وہ انکے نام پر مکان retain کر سکیں اور پھر اگر بیٹیوں کی شادی کریں تو ان کے کنبے کو مکان چھوڑنا پڑتا ہے۔ اس لئے وہ اپنی بیٹیوں کی شادیاں ملتوی کر دیتے ہیں اور بیٹیوں کے سر میں چاندی آجاتی ہے لیکن ان کے ہاتھ نہیں پیلے ہوتے۔ ایسی صورت حال جس معاشرے میں ہو‘ اس معاشرے میں اسلام‘ اسلام کی رٹ لگانے والی حکومت اگر اس مسئلے کو حل نہیں کرتی تو وہ

[Maulana Kausar Niazi].

اپنے آپ کو اسلامی حکومت کہلانے کی دعویدار اگر سمجھتی ہے تو غلط سمجھتی ہے۔

جہاں تک اس مغالطے کا تعلق ہے جو جناب وزیر کے ارشاد سے پیدا ہوا ہے کہ اگر وہ جی سکس کے کوارٹرز کا مسئلہ حل کر دیں تو جی سیون، جی ایٹ اور جی نائن وغیرہ کے ملازمین بھی یہ مطالبہ کرنے میں حق بجانب ہوں گے تو میں کہوں گا کہ یہ مغالطہ غلط ہے اس لئے کہ یہ وہ کوارٹرز ہیں جنہیں سی ڈی اے خستہ ڈیکلیئر کر چکا ہے اور جن کو بنے ہوئے بیس سال ہو چکے ہیں اور یہ تجویز سی ڈی اے نے انیشیٹ کی تھی جناب چیئرمین! کہ انہیں ڈی انوسٹ کیا جائے اور میں آپ کو اس نوٹ کا ایک حصہ پڑھ کر سناتا ہوں جو سی ڈی اے کے سابق چیئرمین نے منسٹری آف انٹیریئر کے سیکرٹری کو ۲ مارچ ۱۹۸۳ کو لکھا تھا اور اس کے اندر انہوں نے یہ کہا تھا

As suggested earlier a revolving fund can be created out of sale proceeds of Government quarters, saving from maintenance expenditure and through bridge financing. New quarters can be constructed out of this fund in phases. M.S Dexides Associates of Athens who prepared master plan and programme of Islamabd also in their report recommended disinvestment of these Government quarters either through outright sale or in instalments and stated that reinvestment of proceeds would result in continuous growth of a revolving fund enabling the Government to cope with the accommodation problem.

یہ تجویز خود سی ڈی اے کی ہے اور سلسلے میں اس نے جی سکس کے کوارٹرز کو خستہ ڈیکلیئر قرار دیا ہے۔ کسی اور سیکٹر کے کوارٹرز کی یہ پوزیشن نہیں ہے۔ البتہ اگر ہر سیکٹر میں یہ پوزیشن پیدا ہوتی چلی جائے کہ وہ خستہ ڈیکلئر قرار دے دیئے جائیں تو اس وقت یہی کیفیت پیدا ہونی چاہیئے جو جی سکس کے مسئلے میں پیدا ہو رہی ہے کہ وہ الاٹیز کو فروخت کر دیئے جائیں اس لئے یہ مغالطہ صحیح نہیں ہو گا کہ جی سکس کے ساتھ اگر طرز عمل روا رکھا گیا تو باقی سرکاری ملازمین جو ہیں وہ اس کو اپنی حق تلفی قرار دیں گے۔

میں انہیں یقین دلاتا ہوں کہ تمام سرکاری ملازمین جو مختلف سیکٹرز میں رہتے ہیں ان کے وفود بھی اسلام آباد کا سینیٹر ہونے کی وجہ سے مجھ سے ملے ہیں اور انہوں نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا ہے اور انہوں نے کہا ہے یہ مثال قائم ہو سکے گی کہ جب ہمارے کوارٹر خستہ ہوں گے تو ہمیں بھی سر چھپانے کو جگہ مل سکے گی۔ جناب چیئرمین! یہ کہنا کہ مختلف شہروں میں بھی یہ پوزیشن پیدا ہو سکتی ہے۔ میں کہوں گا کہ اگر یہ مثال قرار دے دی جائے اور اس کو پالیسی بنا لیا

جائے کہ جہاں جہاں بھی سرکاری ملازمین آباد ہیں اور انہیں کوارٹرز کی الاٹمنٹ ہو چکی ہے اور ان کے کوارٹر خستہ ہو جائیں اور ان میں اتنی مدت گزر جائے تو وہ انہیں مستقل فروخت کر دیئے جائیں تو اس میں کوئی قباحت کی بات نہیں ہے اور اس سے کوئی پرابلم بھی پیدا نہیں ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس سے حکومت کا کام آسان ہو گا۔ رہی یہ بات کہ کیسے یہ رقم وصول ہو گی تو یہ بھی سی ڈی اے کا اپنا فارمولا ہے جو اسنے ۱۹۸۳ میں ان کوارٹرز کی فروخت کیلئے طے کیا تھا اور صرف ریڈ ٹیپ ازم کی وجہ سے یہ فائلوں میں دبتا چلا گیا۔

معاف کیجئے جناب چیئرمین میں یہ لفظ استعمال کرنے پر مجبور ہوں کہ سرکاری ملازمین کو ان کے بڑے آفیسروں نے نوکر شاہی مزاج کی وجہ سے اس قابل نہیں بنایا کہ وہ اپنے کواٹروں کے مالک بن سکیں وہ فائلیں ایک میز سے دوسری میز پر جاتی رہیں لیکن اس پر آج تک کوئی Decision نہیں لیا جا سکا۔ ۱۹۸۳ء میں سی ڈی اے نے پے منٹ کا یہ موڈ طے کیا تھا۔ کہ ۲۰ فیصد الاٹی خود پے کرے گا ۳۵ فیصد ان کے جی۔ پی فنڈ اور پنشن سے کاٹا جائے گا اور ۳۵ فیصد ہاؤس بلڈنگ فنانس کارپوریشن سے الاٹی کے نام پر لون کی حیثیت سے لیا جائے گا۔ اس مسئلے میں کوئی ایسی مشکل نہیں ہے۔ کوئی قباحت نہیں ہے کوئی رکاوٹ نہیں ہے ٹھیک ہے چار ہزار آدمیوں کا مسئلہ حل ہونے سے پورے ملک کا مسئلہ حل نہیں ہو گا۔ لیکن ایک آغاز تو ہو گا ایک قدم تو صحیح سمت میں اٹھے گا اور ہمارے نوجوان باہمت وزیر نے سرکاری ملازموں کیلئے جو نئی ہاؤسنگ سکیم دی ہے اس شہر میں اس کا ہم خیر مقدم کرتے ہیں۔ وہ اس کے ساتھ ساتھ جاری رکھی جا سکتی ہے۔ دونوں کا آپس میں کوئی تضاد اور کوئی تصادم نہیں ہے۔ اس لئے میں حکومت سے اور خاص طور پر اپنے عزیز وزیر سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ وہ اس مسئلہ کو ناک کا مسئلہ نہیں بنائیں گے اور اسے قبول کر کے غریب سرکاری ملازموں کی دعائیں لیں گے اور ایک ایسا قدم اٹھائیں گے جس کی آگے چل کر اگر پیروی کی جاتی رہی تو مجھے امید ہے بڑی حد تک سرکاری ملازموں کا مسئلہ حل ہو جائے گا۔

**Mr. Chairman :** The mover having exercised his right of reply to what the Minister stated, I think, this concludes the debate and the stage has come to put the question, which I will do immediately.

The question is :

> that the resolution moved by Maulana Kausar Niazi to the effect that this House is of the opinion that the Government residential quarters in G-6, Islamabad, which are presently in a dilapidated condition, may be dold to their occupant Government servants on ownership basis, may be passed.

مولانا کوثر نیازی: وزیروں کا کوئی ووٹ نہیں ہے۔ جناب والا۔

جناب چیئرمین: جو وزیر ممبر ہیں ان کا ووٹ ہے۔

مولانا کوثر نیازی: سیٹھی صاحب کس بنیاد پر 'نو' کہہ رہے ہیں اور مروت صاحب بھی کہہ رہے ہیں۔

میر نواز خان مروت: مروت صاحب نے نہیں کہا۔

**Mr. Chairman :** I think, even, otherwise, the Ayes have it.

MOTION WAS ADOPTED

مولانا کوثر نیازی: جناب وہ تو حکومت مخالفت کر رہی ہے۔ بطور سینیٹر وہ حامی ہیں ان سے پوچھ لیجئے۔

**Mr. Chairman:** The Minister has opposed it. He stood actually, delivered 20 minutes speech opposing the resolution, how can we say that it is unanious?

Thank you. Well, we take up the next one standing in the name of Javed Jabbar Sahib.

Mr. Javed Jabbar to move his resolution.

---

## RESOLUTION *RE* : WITHDRAWAL OF IQRA TAX ON THE IMPORT OF PRINTING EQUIPMENT AND PAPER

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you, Mr. Chairman.

I beg for leave to move the following resolution, Sir :

> That this House is of the opinion that the Government may withdraw the Iqra levy on the import of printing equipment and paper so as to stimulate the development of the Book Publishing Industry in Pakistan.

**Mr. Chairman :** The resolution moved is :

> That this House is of the opinion that the Government may withdraw the Iqra levy on the import of printing equipment and paper so as to stimulate the development of the Book Publishing Industry in Pakistan.

**Mr. Chairman :** Is it being opposed ?

**Malik Naseem Ahmad Aheer :** Sir, I oppose it.

**Mr. Chairman :** It is being opposed.

**Mr. Chairman:** Yes please.

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir:** On a point of information.

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir:** This resolution as moved pertains to a matter which relates to a Bill which can only be initiated in the National Assembly. My request is, cant the Senate make a recommendation to the National Assembly in this form to withdraw a tax which has been levied through the Budget?

**Mr. Chairman :** I am not aware of any restrictions on the powers of the Senate to recommend a course of action to the relevant authorities. There is no Constitutional bar to my knowledge but if some honourable Members would enlighten me on this, I shall be very glad. But there is no Constitutional bar on this House to make any recommendation even if it relates to matters which are not, otherwise, within its jurisdiction.

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir :** Thank you.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, I would draw the attention of the honourable Member to Rule 115(2), Sir, where it says: that a resolution shall be in the form of a declaration of opinion by the Senate and gores on to say or to a matter in which the Government has substantial financila interest.

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir :** Sir, it is quite clear.

**Mr. Chairman:** Please go ahead. It is being opposed.

**Mr. Javed Jabbar :** Right, Sir.

I wish to ask, Sir, before I present my case for the admissibility of this resolution whether the Government is prepared to consider an alternative amendment which, with your permission, under the relevant rule I am permitted to move with your consent and would they then be willing to support the resolution which may be differently worded. May I ask for such a response before I present my cases ?

**Mr. Chairman :** Why not do it as an alternative. This is your resolution. But if you have to change it them please take the House into confidence.

**Mr. Javed Jabbar :** All right, Sir. Let me then present my case for this resolution.

**Mr. Chairman :** That is right.

**Mr. Javed Jabbar :** All right, Sir. Then I present this resolution Sir. I am motivated by the fact that the Book Publishing Industry in Pakistan, in real terms, can be truly described as nothing more than a cottage industry. Even though, it is a part of a very large sector which is Paper, Priniting and Publishing, in real terms it is not even classified as a Book Industry in its own specific class, whereas almost all countries in the Asian Region, if not virtually all countries in the world, have categorized the act of Publishing Books as a separate industry. The honourable Minister for Education may wish to note that the Book Industry is classified as an industry but it is not so in Pakistan.

Sir, I believe that the past policies and the present taxes levied upon the Book Industry in Pakistan, tantamount to a policy for the prevention of book development in Pakistan rather than a policy for the promotion of book development in Pakistan.

Thirdly, Sir, the rate at which books are read and circulated, published and distributed in this country, it is alarming to note, is declining whereas our population is growing. I would like to share with you a small statistics. Before 1947 in the principal street of Karachi

[Mr. Javed Jabbar].

(Zaibun Nisa Street), there were as many as 13 book shops. After 1947 that figure remained more or less the same. But Sir, now the situation in 1986 is that the number has gone down to two book shops in the city's premier street with one already considering closure. Now, while it may be true that other areas of the city have opened up book shops have also moved to the suburbs. This data is verifiable through the Pakistan Publishers and Booksellers Association. So, this is worth-taking note of.

My fourth argument is Sir, that the Iqra on book related items is in direct contradiction of the President of Pakistan's own directive No. 184 issued in 1984 in which he called for the creation of a special national committee to recommend priority measures for the promotion of book development in Pakistan. I suggest to you Sir, that the Iqra levy which was promulgated before the Prime Minister announced his special 5 points programme is also in contradiction of the five points programme because he stresses the maximization of the literacy and education. I am, at the same time, aware that the Iqra levy is to be used exclusively for educational purposes. But this to my mind is not sufficient justification for extending the Iqra levy to any material's import which helps the book industry, because Sir, the amount may be a very small amount when you analyse it and break it down, the book-publishing industry represents a very major burden to bear.

And further Sir, there is a very strange contradiction that soon after announcing the Iqra levy through the budget, the Central Board of Revenue has confirmed, as is probably a matter of general knowledge, that on the first of July, 1985 through a special notification, certain items were exempted from this Iqra levy. What were those items? Those items were the books printed outside Pakistan, musical manuscripts printed outside Pakistan, maps and drawings printed outside Pakistan. As a result of Governments own actions instead of promoting Pakistan's book industry, we have exempted Iqra levy in order to promote the book industry of overseas countries, who are presently flooding the market with their products. Now it may be argued that this is after all helping education. But ultimately Sir, it is crippling the book publishing industry of this very country because it has to compete unfairly with overseas publishing industry. Another point worth-noting Sir, is that the membership of the Pakistan Publishers and Booksellers Association is an impressive figure of 800 in

Pakistan, but when you look at "how many of those 800 are actually engaged in the publishing business", it is no more than 12 to 15 and that alone is a testament ot the fact that how much the publishing industry in Pakistan has developed. It has become virtually a book-selling business rather than a publishing business. In fact to make matters worse in my city of Karachi, the Karachi Metropolitan Corporation probably taking a cue from such policies, has now decided to impose an octroi surcharge on the book-trade amounting to 1.50%, which is a virtual disincentive to any further moves in this direction. The Iqra surcharge is Sir, really an experience. It shows that whereas in Pakistan an Indian Book may be procurable for as little as 40 rupees, a Pakistani book publisher will have to be obliged to sell it at as much as rupees 150. So, the disadvantage *viz-a-viz* our immediate neighbour is apparent.

Meanwhile next door Sir, it is worth-noting that India last year is reported to have exported books and literature worth 17 crores rupees. In our case, the State Bank of Pakistan's annual report does not even get around to showing whether we export any books. But because books have to be treated as part of the paper and printing allied industry, it is interesting to note that the export performance of these two sectors, paper and printing, has gone down by 300%. In 82-83, we were exporting about 75 million rupees worth our products. In 84-85, the figure has come down to 25 million rupees which is decline of 300%, while imports have gone up from 1000 million in 1982-83 to 15000 million in 84-85 Sir, there is a need for a total overhaul of the Government policy on how to promote the book publishing industry in Pakistan. There is an organization called National Book Council of Pakistan. Unfortunately the Board of Governors of this Council has not met since December 1984, not a single member of that Board has anything to do with the specialized craft of designing books and producing books except, of course, being general publisher, not a single graphic designer is there at a time when books have to compete with video tapes in order to become attractive for children, books now have to compete with audio tapes in order to get the attention of our children of our future generations.

The book is not just a collection of papers. It has to be viewed as a product that has to be made interesting, exciting and attractive so that the people are drawn to the habit of reading books; because, come

[Mr. Javed Jabbar].

what may, despite television and cinema, books remain the fundamental source of intellectual and general mental development. This is why Sir,I suggest that we consider on withdrawal of this levy and in doing this the intention is not to embarrass the Government but simply to focus its attention on a longstanding demand of the book publishing industry of this country which has consistently been ignored and I conclude Sir, by saying that a sign of the time is that even in the Sixth Five Years Plan while it is reported to have allowed a sum of as much as rupees 200 million for the development of toilet paper, not a single iota has been set aside for the specific development of the book publishing trade in Pakistan. I conclude my submissions Sir,on the admissibility of my resolution as presently worded. I hope that in good faith the Government accepts it. If however, it does not, with your permission I will submits an amendment to be moved verbally if that is acceptable to you and to the treasury benches because the ultimate purpose is to help the book publishing industry in this country. Thank you.

**Mr. Chairman :** Anyother views on the subject ?

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir :** Sir, after hearing Senator Javed Jabbar on the issue of Iqra surchage, I think he has made an excellent case for the Government to have a fresh look at the issue of Iqra surcharge. We all know the literacy rate in this country which goes round 25 or 26% and books of any form are virtuallay not available in this country, whether it is a book for children in the schools and nurseries or whether it is a book for universities. Whereas it is understood that the Government is using this fund for educational purposes, I think whether we have the money or not, the main thing would be whether the students who are coming out of schools and colleges, whether they have the means to add knowledge to themselves and come out to serve the nation. This is in fact depriving the nation of finding resources to feed the mind itself. One way is to withdraw this levy and the other way is to give it back in the form of subsidy or grant or whatever we may call it to the publishing houses. Government may like to investigate as pointed out by Senator Javed Jabbar that the numbers are so few.

It is a matter of great concern for a nation of 100 million that the literacy rate is continuing to decline with expanding population.

Despite large number of schools and colleges, there are hardly any libraries in this country. If you go around and look at four or five urban centres of Pakistan from Peshawar down to Karachi, you would perhaps count the total number of libraries on both hands of one human being. It is a sign of disgrace for a nation like Pakistan which claims that we have today the knowledge to develop nuclear energy on the one hand and yet we are not able to produce simple books for our children of school going age, students and for university boys. In the light of this discussion, I think the Government should seriously consider having a fresh look as pointed out earlier on this whole issue and I also hope that special measures shall be taken as to how we can develop some sort of spirit in our young generation to devote more time to books provided these books are available reducing the cost and being made easily available. I thank you.

**Mr. Sartaj Aziz :** Point of order Sir. May I suggest Mr. Chairman, that you invite the mover to move his amendment on this resolution because under Article 119, an amendment requires a two days notice unless the Chairman allows it to be moved. The Government does share the objective of promoting the book industry and if the resolution is modified to refer to the various measures to promote the book industry as a whole, there will be no difficulty in supporting such a resolution whereas a reference to a particular tax and its exemption which is a very much narrower subject would create difficulty. So, I would suggest that you may ask the mover to move his amendment.

**Mr. Chairman :** Well, if this is the sense of the House, I will have no objection but on a previous occasion I recall that I was hesitant to exercise my right of discretion in a matter like this because I thought that I should not be guilty of اس گناہ کا میں مرتکب نہ ہوں and in that case you dispensed with the two days notice and it may not be fair in many circumstances but if this is the wish of the House, I have no objection and I would request Senator Jabbar to move his amendment also.

**Mr. Javed Jabbar :** Thank you Mr. Chairman. I had originally phrased this resolution without unwisely anticipating that the Government would oppose it, I had not assumed that they would support it. I have come prepared with alternative wordings because the

[Mr. Javed Jabbar].

purpose is to secure support nationwide. Sir, the alternative words would be : that this House is of the opinion that the Government may undertake all appropriate measures on a priority basis so as to stimulate the development of the book publishing industry in Pakistan.

**Mr. Chairman :** On a priority basis?

**Mr. Javed Jabbar :** So as to stimulate.

**Mr. Chairman:** So as to stimulate. Now, would you undertake all appropriate measures including the withdrawal of the Iqra surcharge.

**Malik Naseem Ahmed Aheer :** We don't oppose it now, since he has withdrawn the Iqra.

**Mr. Chairman :** In order to be clear, I think, when he says all appropriate measures this can also be included, if the Government considers, that it is an appropriate measure.

**Malik Naseem Ahmed Aheer :** Sir, if it means Iqra, then it is strongly opposed but otherwise we are prepared to support it.

**Mr. Chairman :** No. It is only consideration of all appropriate measures including the Iqra surcharge.

**Malik Naseem Ahmad Aheer:** Sir, Iqra is not involved. If it is so then it is opposed. (Again Laughter..).

**Mr. Chairman :** All right. Now this is for you. The amendment moved is, "that this House is of the opinion that the Government may undertake all appropriate measures on a priority basis so as to" stimulate the development of book publishing industry in Pakistan.

**Mr. Javed Jabbar :** Sir, to stimulate the development. That is the original phrasing.

**Mr. Chairman :** So, anybody who is opposing the amendment?

None. You accept the amendment. Then anybody else would like to speak or now actually the resolution before the House is, "that this House is of the opinion that the Government may undertake all appropriate measures on a priority basis so as to stimulate the development of book publishing industry in Pakistan." Honourable Minister the amended resolution, have you heard it? Would you like to say something? Or if you are agreeing to it, if you are not opposing then I can put the question straight away.

**Malik Naseem Ahmad Aheer :** Sir, if it is the modified form, I am not opposing it.

**Lt. Gen. (Retd.) Saeed Qadir:** May I bring this to the notice of the House that it was brought out by Senator Javed Jabbar that there are some elements of book industry which are importable or exempt from duties. May I recommend to the House to consider that this resolution should also add that duty be imposed on such items of book industry which are threatening the industry in this country.

**Mr. Chairman :** But this would also come within the ambit of all appropriate measure to stimulate or develope....Otherwise I think each individual bit will have to be separately specified and that would make it too complicated. Well he is not opposing it.

**ملک نسیم احمد آہیر :** اگر آپ کہیں تو پہلی بات تو میں یہ عرض کروں گا کہ جب میں نے جناب جاوید جبار کی جانب سے پیش کردہ یہ ریزولیوشن پڑھا تو مجھے بہت تعجب ہوا کہ ان جیسا پڑھا لکھا اور ترقی پسند آدمی بھی اقراء سرچارج کی مخالفت کر سکتا ہے جو کہ صرف تعلیم کو فروغ دینے کے لئے لگایا گیا ہے اور انہوں نے جس بک انڈسٹری کی بات کی ہے وہ ہوتی کس کے لئے ہے۔ اگر اس ملک میں تعلیم ہی نہیں ہوگی اور پڑھنے والے لوگ ہی نہیں ہوں گے تو بک انڈسٹری کیسے ترقی کرے گی۔ ہم نے ابتدا کی ہے لٹریسی کی۔ اس وقت جو صورت حال ہماری لٹریسی کی ہے وہ بتاتے ہوئے بھی شرم آتی ہے۔ صرف ۲۶ فیصد لوگ ایسے ہیں جن کو آپ پڑھا لکھا کہہ سکتے ہیں۔ اس میں سے صرف دو فیصد لوگ میٹرک تک پہنچتے ہیں۔ اور ۶۲۰ فیصد لوگ ہائر ایجوکیشن تک جاتے ہیں۔ تو جس معاشرے کا تعلیم میں یہ حال ہو تو وہاں بک انڈسٹری کیسے ترقی کر سکتی

[Malik Naseem Ahmad Aheer].

ہے۔

اسی سلسلے میں ہم نے اپنی گراس نیشنل پراڈکٹ کا ۵ء۱ فیصد حصہ تعلیم پر خرچ کیا ہے۔ اور اب اقراء سرچارج سے ہم اس کو ۲ء۲ فی صد تک لے گئے ہیں۔ جس طریقے سے ہم آگے بڑھنا چاہتے ہیں اور جو ٹارگٹ ہمیں جناب وزیر اعظم نے دیئے ہیں اس کے مطابق ہم نے ۱۹۹۰ء تک تعلیم کی سطح کو پچاس فی صد تک لے جانا ہے اور ہائر ایجوکیشن میں اپنی کوالٹی کو بڑھانا ہے۔ گھانا اور کینیا جیسے ممالک ' سری لنکا اور انڈونیشیا اس قسم کے جو تیسری دنیا کے ممالک ہیں ان کا بھی لٹریسی ریٹ کہیں ۶۲ فی صد ہے اور کہیں ۷۰ فی صد ہے حتیٰ کہ نیپال جس کا ریٹ ۱۹۶۰ء میں صرف دس فی صد تھا وہ اس وقت ۹۰ فی صد تک پہنچ چکا ہے۔ تو میں آپ سے عرض یہ کر رہا ہوں کہ آپ تو تانگے کو گھوڑے کے آگے باندھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ پہلے کتابیں مانگ رہے ہیں پھر تعلیم۔ پہلے تعلیم ہمیں عام کرنے دیں اور اسی سے انشاء اللہ آپ کی بک انڈسٹری ترقی کرے گی اور اس سلسلے میں ہم آپ کے ساتھ تعاون کرنا چاہتے ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ اس معاشرے کو زیادہ سے زیادہ تعلیم کے نور سے منور کریں اور اس سلسلے میں حکومت کی کوششیں ٹاپ پرارٹی پر ہیں اور آپ نے جس مقصد کے لئے یہ ریزولیشن پیش کیا ہے اسی کے لئے تو ہم کام کر رہے ہیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: بہت شکریہ۔ جو تعلیم کی حالت ہے اس سے زیادہ خراب حالت کتابوں کی در آمد کی ہے۔ مجھے اب بھی یاد ہے۔ ایک سال کی بات ہے کہ پان ہم نے آٹھ کروڑ کا منگوایا اور چھالیہ چھ کروڑ روپے کی اور اسی سال ہم نے کتابیں ۵۸ لاکھ روپے کی منگوائیں۔ تو یہ قوم کی حالت ہے۔

I think this finishes the discussion. He is not opposing it, and I will put the question. The question is that the resolution as amended by Javed Jabbar sahib himself that this House is of the opinion that the Government may undertake all appropriate measures on a priority basis so as to stimulate the development of book publishing industry in Pakistan may be passed.

(The resolution was unanimously adopted.)

**Mr. Chairman:** We move on to the next one, if the House is not going to break the quorum otherwise it would be a futile exercise. But I think let the honourable Senator move the resolution. In that case we can see whether a debate can begin on it or not. Mr. Shad Muhammad Khan.

----

## RESOLUTION *RE* : EXPLOITATION OF FORESTS ON INTENSIVE PATTERN IN PAKISTAN AND INTRODUCTION OF COOPERATIVE SOCIETY SYSTEM

**جناب شاد محمد خان**: جناب والا! قبل اس کے کہ میں اپنی قرارداد پڑھ کر پیش کروں جناب والا! میں نے اپنی قرارداد کسی اور شکل میں پیش کی تھی اور یہ قرارداد جس شکل میں میرے پاس آئی ہے اس سے میرا مطلب فوت ہو گیا ہے میں نے اس قرارداد میں خاص طور پر یہ ذکر کیا ہوا تھا کہ exploitation intensive pattern of forest پر ہو ۔ اور پھر اس کے بعد forest میں کم از کم intensive pattern کے بعد Cooperative system adopt کیا جائے ۔ تو آپ اگر مجھے وہ پڑھنے دیں ۔ جس طرح میں نے بھیجا ہے جناب والا ۔

**جناب چیئرمین**: طریقہ یہ ہے کہ

what I take it that you are moving this resolution and you would bring a fresh resolution.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** No Sir, the same one is Sir. No change Sir.

**Mr. Chairman :** This one....

**Mr. Shad Muhammad Khan :** Yes.

**Mr. Chairman :** Please move it.

**جناب شاد محمد خان**: جناب والا! اس سے میرا مطلب فوت ہو گیا ہے ۔ اس لئے میں نے جو آپ کو دیا ہے وہ پڑھ رہا ہوں ۔

It will create no change Sir.

اس کی explanation ہو جائے گی تاکہ غلط فہمی پیدا نہ ہو

This House is of the opinion Sir, that as envisaged in the approved 6th Five Year Plan regarding exploitation of forests on an intensive pattern in Pakistan, introduction of Cooperative Society System for exploitation of forest in all the provinces of Pakistan, be given practical shape forthwith in order to introduce a uniform pattern

[Mr. Shad Muhammad Khan].

of exploitation in reserved forests as well as in privately-owned forests under Government management. This step would surely improve the forests in Pakistan.

تودو نکات پرمیں نے زور دینا ہے intensive pattern اور دوسرا Formation of Cooperative Society ریزرو فارسٹس میں نہیں ہے اور پہلے آپ اجازت دیں تو میں private owned forest پر گزارش کروں۔

**Mr. Chairman :** This House is of the opinion that as envisaged in the approved Sixth Five Years Plan regarding exploitation of forests on intensive pattern in Pakistan and introduction of Cooperative Society System for exploitation of forests in all the Provinces of Pakistan be given practical shape and implemented forthwith in order to introduce a uniform system and pattern for exploitation of reserve forests as well as private owned forests under Government management.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** I repeated this.

**Mr. Chairman :** But this, unfortunately, it is so ambiguously worded that it does not bring out the intention clearly and unless we have a resolution in very clear cut and precise terms which every honourable Member could understand without any ambiguity.....

**Mr. Shad Muhammad Khan :** I will explain and try to remove difficulty and convince Sir.

**Mr. Chairman:** Would the Minister Incharge, like to say something on this?

**Mr. Sartaj Aziz :** Mr. Chairman there are two aspects, one, of course, Sir, Government Reserve Forests which in 1973...

**Mr. Chairman :** Just a minute, there is a point of order.

مولانا کوثرنیازی: جناب آپ یہ فرمائیں کہ یہ قرارداد کی صحیح شکل ہے کیوں کہ منسٹر تو اس پر اپنے خیالات . . . . .

جناب چیئرمین: خیالات کا نہیں، وہ proper form میں نہیں ہے۔

مولانا کوثرنیازی: وہ صحیح شکل میں نہیں ہے۔

**Mr. Chairman:** That is not in proper form, this is exactly what I feel but I thought

کہ جہاں تک فارم کا تعلق ہے وزیر صاحب اس کی زیادہ وضاحت کر دیں۔

**Mr. Sartaj Aziz :** So the Government Forest are now being exploited departmentally and the question of extending the Co-operative System to the Government forests does not arise. The resolution as worded seems to imply that we should have a uniform system of exploitation both in Government and private forests.

**Mr. Chairman :** That is true, just a minute. I would invite your attention to Rule 115 (1) A resolution shall be in the form of a declaration of opinion by the Senate.

(2) It shall relate to a matter which is primarily the concern of the Government or to a matter in which the Government has substantial financial interest.

Now at the same time you are extending it to private forests also which are under the management of the Government. Now they are not primarily the concern of the Government. The word primarily is important please. Bear with me for a minute. Then what is more important. It shall clearly and precisely express and shall raise substantially one definite issue. It was for this reason that the wording has to be amended in the form in which we brought it on the Orders of the Day, in order to bring it within the ambit or the purview of the Rules. But if that is not acceptable to you.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** May I move this resolution Sir ?

**Mr. Chairman :** Right.

**Mr. Shad Muhammad Khan :** I beg to move :

> "That this House is of the opinion that a unifrom system of exploitation of reserve forests as well as privately owned forests under Government management through Cooperative Societies in the country as envisaged in the Sixth Five Year Plan be introduced with a view to increasing the forest wealth of the country."

جناب چیئرمین: پہلے پوچھ لیں۔

مولانا کوثر نیازی: جناب والا!

جناب چیئرمین: کورم نہیں ہے؟

مولانا کوثر نیازی: نہیں جناب، میں اس کی بات نہیں کرتا کیوں کہ مجھے اپنی قرارداد آپ کی شفقت سے پیش کرنی ہے اور وہ اردو سے متعلق ہے جو بچاری پچھلی دفعہ بھی ملتوی ہو گئی۔ میں یہ عرض کروں گا کہ وہ اپنی قرارداد پیش کر چکے ہیں۔ جس کی اجازت آپ نے نہیں دی کہ یہ صحیح نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: نہیں۔

مولانا کوثر نیازی: وہ اپنی قرارداد جس شکل میں یہاں پیش کر رہے تھے وہ آپ نے کہا کہ یہ صحیح نہیں ہے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

مولانا کوثر نیازی: اب دوسرا ریزولیوشن پیش کرنے کے لئے انہیں تازہ نوٹس دینا ہو گا۔

جناب چیئرمین: یہ وہی ریزولیوشن ہے۔ اسی ریزولیوشن کو ترمیم کر کے آرڈر آف دی ڈے پر لایا گیا ہے۔ یہ وہ دوسرا نہیں ہے۔

Is it being opposed, I think that is the point.

میر حسین بخش بنگلزئی: پوائنٹ آف آرڈر سر، کورم پورا نہیں ہے۔

جناب عبدالرحیم میرداد خیل: پہلے بھی اسی طرح بغیر کورم کے ایک دن ہم نے ہاؤس چلائے رکھا آج بھی جاری رکھیں۔

جناب چیئرمین: جب کورم پوائنٹ آؤٹ ہو جاتا ہے تو آپ کے آئین میں لکھا ہوا ہے کہ پھر ہاؤس جاری نہیں رہ سکتا۔ آئین کی پھر خلاف ورزی ہو نہیں سکتی۔ پوائنٹ نہ کریں تو پھر بے شک جاری رکھیں۔

Now I am afraid the House will have to be adjourned to meet again tomorrow at 4.30 P.M.

مولانا کوثر نیازی: جناب والا، ہفتے میں کم از کم ایک دن تو آپ صبح کو اجلاس رکھیں۔

جناب چیئرمین: کل کابینہ کا اجلاس ہے اور حکومت کے ممبران کی مجبوری ہے۔

So, we meet tomorrow at 4.30 P.M.

---

[The Houses adjourned to meet again at half past four of the clock in the evening on Thursady, the 17th February, 1986].

PCPPI—2432(86) Senate—28-2-88—300.